دوسری گزارش میری کل کے واقعہ پر ہے مجھ سے پہلے یہ تجویز شاید آئی ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ یہ انتہائی افسوسناک' شرمناک' المناک واقعہ ہے اور اس سے پہلے بھی ایسے واقعات ہوئے۔ کوئی محب وطن' کوئی پاکستانی شہری یا کوئی مسلمان بھی اسے اچھا نہیں کہہ سکتا ہے بالخصوص ایسے حالات میں جب کہ ساری دنیا میں ایک طوفان اٹھا ہے اسلام کے خلاف اور اسلام پر دہشت گردی اور انتہا پسندی کا جیرآ نقاب اوڑھایا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: مولانا صاحب Interior Minister نے جانا ہے تو تھوڑا ذرا آپ ان کو موقع دے دیں کہ یہ FC بلوچستان کے issue پر بات کرلیں ۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات: اصل میں اسمبلی کا اجلاس شروع ہو رہا ہے مجھے وہاں جانا ہے ۔

جناب چیئرمین: ابھی ان کو اس پر بات کر لینے دیں۔ ID card کا ہوگیا۔ یہ جو FC کا مسئلہ ہے اس کے لئے ۔ ایک پہلے جو issue ہے اس کو کریں، آپ بعد میں move کر لیں۔

مولانا سمیع الحق: میری گزارش یہ ہے کہ اس واقعہ کا تعلق بھی آپ سے ہے ۔ وزیرداخلہ صاحب کو یہ سارے موضوع اور ساری گفتگو-----

جناب چیئرمین: ذرا مختصر کرکے اس کو پیش کریں۔

مولانا سمیع الحق: بہت بڑا مسئلہ ہے۔ جتنے ارکان بھی دونوں طرف سے اس پر کچھ خیالات کا اظہار کریں۔ آپ کی مصروفیت بہت اہم ہوگی لیکن میرے خیال میں اس میں آپ کی موجودگی ضروری ہے لیکن ہم کوشش کریں گے کہ دو دو، تین تین منٹ میں ختم کریں۔ تو میری عرض ہے کہ ایک بڑی تحریک چل رہی ہے پوری دنیا میں کہ اسلام دہشت پھیلاتا ہے ۔ اور ان کے مقاصد ہیں۔ 11 ستمبر کے بعد اور اس سے پہلے صلیبی جنگ کے بعد سے یہ جھگڑے شروع ہیں جب کہ اسلام سراسر دین رحمت ہے ۔ اسلام سلامتی سے ہے، لفظ اسلام سلامتی سے نکلا ہے سلم۔ اور ایمان امن سے ہے (عربی) حضورصلعم نے فرمایا کہ مومن وہ ہے جس سے ساری بنی نوع انسانیت محفوظ رہے کہ میری جان، مال، دفاع، عزت و آبرو سب محفوظ رہے ۔ امن اور مسلم کی تعریف بھی حضورصلعم نے یہ کی (عربی) کہ سارے مسلمان اور سارے انسان اس کی زبان کے شر سے، ہاتھ کے شر سے محفوظ رہیں ۔ حضورصلعم کو خداوندکریم نے رحمت اللعالمین بنا کر بھیجا۔ رحمت اللعالمین کا معنی یہ ہے کہ وہ سارے انسانوں کے خواہ وہ یہود ہیں، نصاریٰ ہیں، مسلم ہیں، غیرمسلم ہیں، خواہ وہ حیوانات ہیں یہاں تک کہ پوری کتابیں لکھی گئی ہیں کہ جانوروں کے لیے بھی حضورصلعم رحمت اللعالمین ہیں۔ حضورصلعم عین میدان جنگ میں بھی حکم کرتے تھے کہ بچوں پر ہاتھ نہ اٹھائیں، خواتین پر ہاتھ نہ اٹھائیں، بوڑھوں کو کچھ نہ کہیں ۔ مذہبی شخصیات پادریوں وغیرہ کو کچھ نہ کہا جائے۔ ہر صریہ اور فوج بھیجنے کے وقت یہ حکم ہوتا تھا، تو میں عرض کرتا ہوں کہ یہاں الحمد اللہ دینی قوتیں، ہم سب دینی قوتیں سیاست پر یقین رکھتی ہیں، سیاسی جدوجہد اور جمہوری طریقے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتی ہیں اور تعمیری تنقید پر یقین رکھتی ہیں۔ یہ تصور

بھی نہیں ہے، میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ بات کیوں اچھالی جاتی ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی اور terrorism ہے، ہم دشمن کے پروپیگنڈے سے مغلوب نہ ہوں، متاثر نہ ہوں۔ اس کی ساری محنت چار پانچ سال سے اسی پر چل رہی ہے۔ اور اس کے اپنے مقاصد ہیں۔ ہم علی الاعلان اس کی نفی کرتے ہیں کہ اسلام میں کوئی دہشت گردی کی گنجائش ہے یا وہ اس طرح کے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر صرف اس رخ پر ہم یہ بات بار بار لیتے جائیں، انتہاء پسندی کی طرف، دہشت گردی کی طرف، تو اس سے مزید نقصان ہوگا۔ یہاں بڑی نازک صورتحال ہمارے سامنے درپیش ہے۔ سارک کی کانفرنس ہونے والی ہے۔ سارک کانفرنس کی وجہ سے پوری دنیا کی توجہ ہے۔ ہمارے دشمن چاروں طرف پھیلے ہوئے ہیں۔ آس پاس اور پڑوس میں بھی۔ افغانستان میں بھی بدقسمتی سے ہماری پالیسیوں کی وجہ سے بھارت کا تسلط ہے۔ سرحدوں پر وہ لوگ آگئے ہیں۔ مشرق سے اگر وہ نہیں آسکتے تھے تو یہاں قریب ہماری سرحدوں پر مجھے پتہ ہے کہ بیٹھے ہوئے ہیں۔ کونسل خانے قائم کر رہے ہیں، ہسپتال قائم کر رہے ہیں، ٹرانسپورٹ کمپنیاں قائم کر رہے ہیں۔ ان حالات میں ساری دنیا چاہتی ہے کہ پاکستان کی وہ اہمیت، مرکزیت نہ رہے اور اس سارک کانفرنس کا کوئی مثبت نتیجہ ظاہر نہ ہو۔ کم از کم اس رخ پر بھی ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ اس کو سبوتاژ کرنے کے لئے تو سارا کھیل نہیں کھیلا گیا۔ کشمیر کا مسئلہ پھر اٹھتا ہے اور کئی option آ رہے ہیں۔ ظاہری بات ہے کہ ہمارے فیصلوں کو تو دنیا پسند نہیں کرے گی، کشمیری نہیں پسند کریں گے اور اگر ہم کوئی ایسا راستہ اختیار کریں جس سے ہم اپنے 55 سال کے اصولی موقف سے دستبردار ہوں تو کئی عوامل سر اٹھا سکتے ہیں۔ اس رخ کو بھی دیکھنا چاہیئے۔ اب پرسوں ہمارا ایم ایم اے کا معاہدہ ہوا، ابھی اس کی سیاہی خشک نہیں ہوئی تھی اور یہ صورتحال سامنے ہے۔ ظاہری بات ہے کہ بہت سے عوامل اور عناصر کو یہ استحکام اور یہ establishment پسند نہیں ہے۔ وہ اس سارے کھیل کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ کل ہی یہ واقعہ ایسے وقت پیش آیا کہ ابھی قوم ایم ایم اے اور حکومت کے معاہدے کے عواقب و عوامل اور تمام چیزوں کو دیکھ رہی تھی اور خوشی کا اظہار کر رہی تھی۔ ان سارے عوامل سے ہٹ کر ایک ہی بات دہشت گردی اور انتہاء پسندی------ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پرانی باتیں چلی گئیں، اب پاکستان میں مدارس کی طرف سے کوئی دہشت گردی کی بات نہیں کی جاتی ہے، میری

سمجھ میں نہیں آتا کراچی سے خیبر تک کسی مدرسے میں ہمیں معلوم نہیں ہے جہاں پر دہشت گردی کی بات کی جاتی ہو یا کوئی جنگ کی بات کی جاتی ہو یا تربیت کی جاتی ہو یا فرقہ واریت کی بات کی جاتی ہو۔ میرا مقصد یہ ہے کہ اس رخ پر اگر سارے معاملے کو لے جائیں گے تو اصل ہاتھ پیچھے رہ جاتے ہیں' ان کو پھر اپنی من مانی کرنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔

تیسری گزارش یہ ہے کہ الحمدللہ ہمارا معاہدہ تو ہو چکا ہے لیکن اب آئینی package کا ہمیں انتظار ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اصل شکل میں فوراً قومی اسمبلی میں بھی آجائے ۔ میں نے سنا ہے کہ اگر اس میں پھر کوئی بات' تجویز یا نئی چیز ڈالی جائے گی تو پھر معاملہ لمبا ہو جائے گا۔ ہم آئین کے تحت اس کے لئے جلد کوشاں ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ایس ایم ظفر صاحب اس آخری مرحلے میں بھی اپنا کردار ادا کریں گے۔ وہ سینیٹ کے رکن ہیں اور ہمیں خوشی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے بھی کافی کام لیا' اب اس معاملے میں اگر کچھ اس طرح کی باتیں آرہی ہیں کہ کچھ مزید تاخیر ہوسکتی ہے تو اس تاخیر کو نہ ہونے دیں۔ فوری طور پر یہ آئینی package ایوان میں لایا جائے کہ ہمیں یکسوئی سے' اطمینان سے کام کرنے کا موقع ملے۔ ہم سب اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ یہ جو حادثہ ہوا ہے' ایسے حادثوں سے اللہ پاکستان کو محفوظ رکھے۔

جناب چیئرمین: آمین۔

مولانا سمیع الحق: ہماری یکجہتی' قومی وحدت اور سالمیت تباہ کرنے والے عناصر کی سازشیں اللہ تعالیٰ ناکام بنا دے۔ و آخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین۔

Mr. Chairman : Yes, Interior Minister.

ایف سی والے معاملے پر اگر بات کر دیں۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات : جناب چیئرمین! پہلے تو میں مولانا کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے ماشاء اللہ بہت ہی مثبت اور بہت ہی positive باتیں کی ہیں۔ اس سے یقیناً ہمارے اپنے حوصلے بہت بلند ہوئے ہیں کیونکہ ہمیں چاہیئے کہ جس طرح انہوں نے اپنی priorities کو situation کو' ماحول کو اور آئندہ کے لئے جس طرح پاکستان کو یہ foresee کرتے ہیں' حالات کا مقابلہ کرنے کے تناظر میں جس طرح بات کی ہے ' ہمیں یقیناً ان کی آراء کی' ان کے قیمتی

مشوروں کی ضرورت پڑے گی اور ہم ان سے ضرور مستفید ہونگے۔ میں نے قومی اسمبلی میں جانا ہے۔ وہاں پر آج سیشن شروع ہے' اس لئے میں نے جناب چیئرمین آپ سے درخواست کی ہے کہ مجھے اجازت دیں تا کہ میں وہاں پر جا سکوں۔جناب چیئرمین! جہاں تک F.C کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: F.C اور کوسٹ گارڈ۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات: F.C اور کوسٹ گارڈ کا بھی ہے۔ بلوچستان سے معزز رکن نے یہ تحریک دی ہے۔ میں نے اس کے لئے ان سے بات کی ہے۔ انہوں نے ابھی F.C کے حوالے سے کچھ خدشات کا اظہار کیا تھا کہ main road پر جو چیکنگ ہوتی ہے وہ ٹھیک نہیں ہے۔ اس میں کافی excesses commit ہوتی ہیں۔ اس کے حوالے سے میں نے ان سے بات کی ہے۔ SAARC Summit کے بعد' میں نے ان سے درخواست کی ہے کہ وہیں کوئٹہ میں بیٹھ کر یا کسی اور جگہ جہاں convenient ہوگا' کیونکہ یہ ہمارے معزز رکن ہیں' وہاں پر ہم ایک میٹنگ کر لیتے ہیں۔ وہاں پر صوبائی حکومت بھی ہوگی' وہاں پر F.C اور کوسٹ گارڈ والے بھی ہوں گے۔ تو جو بھی specific issues ہیں اور ان کی جو شکایتیں ہیں وہاں پر بیٹھ کو resolve کریں گے۔ ان کی شکایتیں ان کے سامنے ہم حل کریں گے۔ F.C اور کوسٹ گارڈ کے متعلقہ افسران ان کو پوری طرح satisfy کریں گے اور اگر satisfy نہ کر سکے تو میں آپ کو یقین دہانی کراؤں گا کہ انشاء اللہ ہم action ضرور لیں گے' وہ تمام حکمت عملی اختیار کریں گے کہ جس سے عوام کی پریشانی میں کمی آسکے۔

F.C اور کوسٹ گارڈ کا ایک آرڈیننس ہے جس کے تحت یہ دونوں سول آرمڈ فورسز کے قومی ادارے کام کر رہے ہیں۔ ان کے بارے میں یکدم یہ کہہ دینا مناسب نہیں کہ ہم ان کو ختم کر دیں۔ آج F.C ایک ایسا ادارہ ہے جو پاکستان کی مغربی سرحد کا مکمل دفاع کر رہا ہے' ان کو secure کر رہا ہے۔ ہمیں ایک بہت بڑا چیلنج درپیش ہے۔ یہ کہنا کہ جناب! ان حکمرانوں سے جان چھڑائی جائے' میرے خیال میں مناسب نہیں ہوگا۔ ہمیں ان کے استقلال کا اعتراف کرنا چاہیئے۔ ان کی خدمات ہیں' بہت سارے ایسے افسران ہیں' جوان ہیں جو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ تو یہ بات نہیں ہے کہ F.C ایک ایسی فورس ہے جو کہ صرف negative کام کرتی

ہے۔ انہوں نے بے پناہ مثبت کارنامے سر انجام دیئے ہیں۔ ان کی satisfaction ہم اس میٹنگ میں کریں گے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: جی بلیدی صاحب۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! F.C کے متعلق ہم نے پوچھا تھا۔ یہ پورے بلوچستان کا مسئلہ ہے بلکہ یہ چاغی سرحد کا بھی مسئلہ ہے۔ مکران سے میرا تعلق ہے۔ تربت، گوادر اور پنجگور میں F.C والوں کا رویہ انتہائی افسوسناک ہے۔ وہاں عام لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ یہ ہمیں مارنے کے لئے آئے ہیں۔ یہ کوئی ڈیوٹی پر نہیں آئے ہیں۔ گاڑی روکنے کا جو ان کا طریقہ ہے، عورتیں بھی ان میں سوار ہوتی ہیں۔ ان گاڑیوں کو بدتمیزی سے رکواتے ہیں۔ ان سے بدکلامی بھی کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم سینیٹر ہیں۔ ہمیں بھی اگر ان کے کسی کیپٹن سے رابطہ کرنا ہو تو ہمیں ٹیلیفون پر بھی اس سے رابطہ کرنے میں ۱۰ دن لگتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب وہ گاڑی پکڑتے ہیں، جب کوئی اسلحہ اور ہیروئن لے جا رہے ہوں تو ان کے لئے کوئی رکاوٹ نہیں ہے، خور و نوش کی اشیاء جو ایران سے آتی ہیں ان کو وہ پکڑ لیتے ہیں۔ جو ہیروئن اور منشیات اب تک پکڑی گئی ہیں گزشتہ ۴ سال کے دوران، میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا کوئی ملزم ابھی تک گرفتار ہوا۔ کوئی ملزم گرفتار نہیں ہے۔ اس کے معنی ہیں کہ وہ ملی بھگت سے یہ کام کر رہے ہیں۔ وہ خود کہتے ہیں کہ چلو کچھ من تن رکھو وہاں ہم اٹھائیں گے۔ وہ لوگ آسانی سے مال دریا کے کنارے سے لوڈ کرکے امریکہ اور یورپ جہاں پر جانا چاہتے ہیں جا رہے ہیں۔ یہ بات سب کے نوٹس میں ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ یہ کہاں جا رہے ہیں؟ لیکن آٹے کو پکڑنا-------

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ بیٹھ کر سارک کانفرنس کے بعد ایک ایک چیز کو دیکھیں گے۔ میں منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ law and order aspect کے ساتھ ساتھ جہاں ضرورت ہے، اس کو مہربانی کرکے ضرور دیکھیں تاکہ ان کی تسلی ہو۔

جناب رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: جناب چیئرمین! یہ اس کو oppose نہ کریں اس لئے کہ F.C کیوں اس طرح کے کام کر رہی ہے؟ ان کو borders تک limited رکھا جائے کیونکہ پنجگور شہر میں within the city انہوں نے ایک بندے کو shoot out کیا ہے۔

ایک بندہ ۲۰ کلو بوری آٹے کی لے جا رہا ہے تو اس کو shoot کرتے ہیں۔ جو ٹرک لے کر جا رہا ہے وہ ان کو نظر نہیں آتا ہے۔ اسی موقع کا یہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جس طرح منسٹر صاحب فرما رہے ہیں کہ یہ identity cards بن رہے ہیں اور پاسپورٹ بن رہے ہیں' بالکل بن رہے ہیں' انڈین کے بن رہے ہیں' بنگالیوں ' افغانیوں اور ایرانیوں کے بن رہے ہیں۔ Fixed rate ہیں ۵۰ ہزار روپے سے لے کر ایک لاکھ روپے تک۔ خود میرا کارڈ تمام کوششوں کے باوجود ڈیڑھ سال میں بنا ہے۔ یہ حالت زار ہے۔ کوئٹہ شہر جو صوبائی دارالحکومت ہے اس میں نادرا کا ایک point ہے۔

جناب چیئرمین: اس طرح کریں کہ اگر آپ کے اور points ہیں تو اس کے لئے motions اور questions پیش کریں۔ اب منسٹر صاحب کچھ فرمائیں۔ مہیم خان صاحب آپ پیش کر لیں۔

جناب مہیم خان بلوچ: جناب چیئرمین! Minister Interior نے F.C کے متعلق اعتراف کیا کہ مسائل ہیں اور انہوں نے اس مسئلے کو محسوس کرتے ہوئے ایوان کے اندر وعدہ کیا ہے کہ سارک کانفرنس کے بعد میں بلوچستان میں وسیع پیمانے پر میٹنگ بلاؤں گا اور اس میں ہمارے تمام بالخصوص سینیٹرز یا وہاں کے ناظم اور ڈپٹی ناظم کے علاوہ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کے آفیسرز ہوں گے۔ تو یقینی طور پر ان کی اس یقین دہانی کے بعد ہم اب مطمئن ہیں۔ وہ جانا چاہیں تو جا سکتے ہیں اگر کوئی اور مسئلہ نہیں ہے۔ مہربانی۔ اگر مجھے کچھ اور ------

جناب چیئرمین: سب کے جذبات سننے ہیں' خاص کر ہمارے جو ساتھی اس طرف بھی ہیں جنہوں نے بعد میں ذکر کیا ہے۔ تو I think you have an idea.

مخدوم سید فیصل صالح حیات: جناب چیئرمین! میں صرف ایک منٹ لوں گا۔ میرے معزز رکن نے کہا ہے کہ یہاں پر کارڈ بن رہے ہیں ہندوستانیوں کے اور بنگالیوں کے۔ اگر ان کے نوٹس میں کوئی ایسا کارڈ ہے تو مجھے ابھی دیں۔ اس پر ہم انکوائری کرائیں گے۔

جناب رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: پورا ملک انڈین کے کارڈز سے بھرا ہوا ہے۔ کس کس کو ہم روکیں گے۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات: چلو ایک تو مجھے دے دیں۔

جناب رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: آپ Time دے دیں۔ ہم دکھا دیں گے۔

جناب چیئرمین: Time انہوں نے آپ کو دے دیا ہے۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات، جناب چیئرمین! میں آپ کو assurance کراتا ہوں کہ جب یہ دیں گے اور اگر کوئی غلط کارڈ بنا ہے تو آپ دیکھیں گے کہ اس دفتر کے خلاف سخت action لیا جائے گا۔

جناب چیئرمین: سینیٹر رزینہ عالم صاحبہ۔

مسز رزینہ عالم خان: شکریہ جناب چیئرمین! میں آج جو بات سب سے کہنا چاہتی ہوں سب سے پہلے میں جو MMA کے ساتھی آئے ہیں ان کو خوش آمدید کہتی ہوں اور جو ابھی چلے گئے ہیں ان کو یہی کہوں گی کہ اللہ تعالیٰ ان کو عقل سلیم دے اور وہ آکر بیٹھیں کیونکہ ان کا وطیرہ یہ ہے کہ

قصور ڈھونڈ کر پیدا کئے جفا کے لئے

وہ کوئی نہ کوئی بہانہ ڈھونڈتے ہیں ایوان سے جانے کا۔

دوسری بات جو سب سے اہم ہے جو میں کہنا چاہتی ہوں وہ کل کا واقعہ ہے ہمارے صدر محترم کی جان پر حملہ ہوا ہے۔ اس سے پہلے بھی ہم سب کے علم میں ہے جو ان کے اوپر حملہ ہوا تھا لیکن اس دفعہ وہ حملہ اس طرح شدید تھا کہ اس میں بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں۔ اتنا شدید تھا کہ میرے گھر کے بھی تقریباً تمام شیشے ٹوٹ گئے۔ اس وقت قوم غم و غصے کا شکار ہے اور فکرمند بھی ہے کہ اس طرح کے جو اقدامات ہیں ان کا اعادہ نہ ہو۔ ہم سب کو اس کے لئے تیار ہونا چاہیئے۔ آج میں اس ایوان میں یہ کہنا چاہوں گی کہ بحیثیت قوم ہم اس چیلنج کو قبول کریں اور دہشت گردی اور اس طرح کے گھناؤنے، مذموم عزائم کے خلاف ہم ایک دیوار بن کر کھڑے ہوں اور بحیثیت قوم جب تک ہم اس کے لئے اپنے طور پر کچھ نہیں کریں گے تب تک یہ مسئلہ حل ہونا مشکل ہے کیونکہ جیسا کہ کل ہمارے صدر صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا جب بھی اس قسم کے حالات ہوں تو ہم لوگوں کو چاہیئے کہ اپنی آنکھیں کھلی رکھیں۔ اپنے کانوں سے سنیں، اپنے تمام حواس خمسہ اس چیز میں استعمال کریں کہ ہمارے ملک سے دہشت گردی کا

خاتمہ ہو اور اس قسم کے جو عزائم ہیں وہ ناکام رہیں۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ انہوں نے ہمارے صدر محترم کی جان بچائی کیونکہ وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

ابھی اللہ تعالیٰ نے ان سے کچھ کام لینے ہیں۔ کچھ اہم کام اس ملک کی ترقی کے لئے اور اس ملک کی بہتری کے لئے لینے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اور ہمارے تمام قائدین کو اس قسم کے اقدامات سے محفوظ رکھیں اور ملک سلامتی اور ترقی کی راہ پر چلے۔

جناب چیئرمین : جسٹس تھہیم صاحب۔ خلیل الرحمان صاحب۔ چلیں تھہیم صاحب آ گئے۔ خلیل صاحب! تھہیم صاحب کو بولنے دیں پھر اس کے بعد آپ۔ جی تھہیم صاحب۔

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم : جناب چیئرمین صاحب ! کل جو واقعہ ہوا ہے ' یہ بڑا المناک واقعہ ہے۔ ملک کے سربراہ پر اتنا بڑا حملہ ہوا ہے۔ آپ اس date کو بھی دیکھ لیں ' 25 تاریخ کو قائد اعظم کا جنم دن ہے۔ ہم خوشیاں منا رہے ہیں۔ اپوزیشن اور treasury benches کا compromise ہو گیا ہے۔ Democracy کی راہ پر چل پڑے ہیں اور سارک کانفرنس ہو رہی ہے جس کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ اس time پر اس واقعہ کا ہونا ' بڑا افسوس ناک ہے۔

جناب والا! میں نے 15 تاریخ کو یہ عرض کی تھی کیونکہ 14 تاریخ کو بھی President صاحب پر حملہ ہوا تھا' کہ lapses ہیں۔ Lapses کو میں دو categories میں بانٹوں گا۔ ایک بے چارے پولیس والے جو راستے میں کھڑے ہوتے ہیں اور President صاحب کے ساتھ ہوتے ہیں یا دیگر ہوتے ہیں ' ان کی جانب سے یہ lapses نہیں ہوتے ہیں ' یہ نہیں کرتے ہیں۔ Lapses یہ ہیں کہ جن پر attention دینی چاہیے۔ کہ کہاں سے یہ bombs آتے ہیں ؟ کہاں یہ رکھے جاتے ہیں ؟ کون ان کو لے کر آتا ہے اور جاتا ہے ؟ گاڑیاں جو use ہوتی ہیں' وہ کہاں سے آتی ہیں ؟ آخر bombs پنڈی میں ہی کہیں store ہوئے ہوں گے ' یہیں fit ہوئے ہوں گے۔ اس لئے lapses یہ ہیں۔ ہمارے جو ادارے اس مقصد کے لئے ہیں' ان کو خیال کرنا چاہیے نہ کہ پولیس والوں کو blame کیا جائے' ایک سب انسپکٹر صدر صاحب کی جان بچاتے ہوئے جان بحق ہو گیا ہے۔ ان کی طرف سے یہ lapses نہیں ہیں۔ اس میں غلط فہمی ہو رہی ہے۔ ان

lapses کے متعلق جتنی ہمارے ہاں agencies ہیں ' انہیں اس میں detail میں جانا چاہیے کہ یہ کیوں ہو رہا ہے ؟ آخر یہ اسلحہ کہاں سے آ رہا ہے ' کہاں store ہو رہا ہے ؟ ظاہر ہے کہ یہاں پنڈی میں کہیں store سٹور ہوا ہو گا۔ یہاں سے ہی یہ گاڑیاں نکلی ہوں گی ۔ یہ lapses ہیں۔ اس سے پہلے بھی اتنے واقعات ہوئے ہیں ۔ میں ان کو دہرانا نہیں چاہتا ۔ Motor cyclists آتے ہیں' آخر وہ کہاں سے نکلتے ہیں؟ ان میں سے کوئی ابھی تک پکڑا نہیں گیا ' ابھی تک یہ mystery ہے ۔ ہمیں اپنی weaknesses کو ماننا چاہیے اور ان کا ازالہ کرنا چاہیے ۔ میں کسی پر criticise نہیں کر رہا ' میں یہ positive عرض کر رہا ہوں کہ ان چیزوں کو ہمیں اچھی طرح سے دیکھنا چاہیے کہ آئندہ یہ نہ ہوں ۔ ابھی کسی پر الزام دینا ' جب تک investigation نہیں ہوتی ' رپورٹ نہیں آتی ' قبل از وقت ہوگا ۔ کیونکہ پاکستان مسلم امہ اور اس کے فوائد کے لئے بہت کردار ادا کر رہا ہے ۔اسی لئے ہم ان کی نظروں میں ہیں۔ ہم U.N.O میں تھے تو اسرائیل والے کہتے تھے کہ ہم نے آپ کا کیا بگاڑا ہے ۔ ہم تو دوسروں سے لڑتے ہیں لیکن آپ ہمارے ساتھ کیوں لڑتے ہیں۔ہم بطور امہ O.I.C میں ہر مسلمان کو support کر رہے ہیں کشمیر کو کر رہے ہیں ' فلسطین کو کر رہے ہیں ' بوسنیا میں ہم نے کیا اسی لئے ہم ہر کسی کی نظروں میں ہیں۔ ہمارے دشمن بہت ہیں۔ یہ کون کون سے ہیں' یہ ساری دنیا کو معلوم ہے۔ ہم ابھی terrorism کے شکار ہیں۔ Terrorism کا base یہاں ہو رہا ہے ۔ پڑوسی ملک بھی ہیں ۔ اس لئے ہمیں خبردار رہنا چاہیے اور ہماری گورنمنٹ کو بھی خیال کرنا چاہیے کیونکہ بولنے والے بہت سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے President صاحب کی جان بچ گئی اور ملک کا وقار بچ گیا۔ میں اپنی تقریر شاہ عبداللطیف کے ایک بیت سے conclude کرتا ہوں۔

گھڑ سڑن پن سڑن' سڑے ساؤ گاھ

جنھن ساں آہے اللہ تو نہ اچے تن کھے ؟؟

اس کا ترجمہ ہے ' شاہ صاحب نے یہ کہا ہے کہ straw ہے یا دوسرے ہیں' یہ جلتے رہیں گے ۔ مگر جس کے ساتھ اللہ ہے ' اس کو کچھ بھی نہیں ہوگا ۔ اس لئے مشرف صاحب کے ساتھ اللہ ہے ۔ تیسری بار اللہ نے اس کو بچا لیا۔ ملک کا وقار بڑھا ہے ۔ مگر اسے ہمیں ordinary نہیں لینا چاہیے ۔ میں عرض کروں گا کہ گورنمنٹ کو چاہیے کہ high power commission

مقرر کرے ۔ اس میں پارلیمنٹ کو involve کرے ۔ سینیٹ ، نیشنل اسمبلی اور agencies کو بھی اس میں رکھیں ۔ یہ بیٹھ کر ایسے اقدامات تجویز کریں جن سے آئندہ کے لئے ایسے واقعات نہ ہوں۔

یہ repeat کرتا ہوں کہ ۱۴ تاریخ کے واقعہ میں کوئی پکڑا نہیں گیا۔ یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ جناب ! ہمیں دکھ ہے کہ جب ہم خوشی کی طرف بڑھ رہے ہیں اسی وقت دشمن ہمارے اوپر وار کرتے ہیں۔ شکریہ۔"

Mr. Chairman: Commander Khalil Sahib. The speaker who wants to speak, please send his name to Secretary who has a roster in an orderly manner as it is received.

جناب خلیل الرحمٰن ۔ جناب چیئرمین صاحب ! سب سے پہلے تو میں اپنے دوستوں اور بھائیوں کو اس ایوان میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ ان کے آنے سے اس ایوان کی وقعت اور بڑھے گی۔ Anyhow یہ سارے صبح کے بھولے ہوئے تھے۔

جناب چیئرمین صاحب ! میں اس وقت جن خیالات کا اظہار آپ کے سامنے کر رہا ہوں وہ اس ایوان کے ایک ادنیٰ ممبر کی حیثیت سے کر رہا ہوں ۔ کل کا یہ بہیمانہ ، وحشیانہ واقعہ بربریت کی مثال ہے۔ یہ جس نے بھی کیا ہے وہ صدر پاکستان کا ، پاکستان کا ، بلکہ پورے اسلام کا اور ملت اسلامیہ کا دشمن ہے ۔ جناب ! یہ رقیق حرکت ایک ایسے شخص کے خلاف ہے جو دہشت گردی کے خلاف ہے بلکہ جس نے دہشت گردی اور جنگ آزادی کا فرق لوگوں کو بتایا ہے ، ایک ایسے شخص کے خلاف ہے جو اسلام کی روشن خیالی کا پیغام دے رہا ہے ، جو دہشت گردی کے خلاف ایک جنگ لڑ رہا ہے اور یہ ساری دنیا کو معلوم ہے کہ وہ اس ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن دیکھنا چاہتا ہے ، وہ جمہوریت چاہتا ہے۔ جہاں تک اس سے ہو سکتا ہے وہ اس ملک سے کرپشن کو دور کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وہ اس ملک کو خوشحال دیکھنا چاہتا ہے تو اس لیے جناب ! وہ target بنا ہے ۔ جناب چیئرمین صاحب ! کمال یہ ہے کہ یہ آدمی ایسا ہے کہ اس کی شخصیت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ۔ وہ بدلا ہے اور نہ ہی وہ بدلے گا اور اپنے mission کو پایہ تکمیل تک پہنچائے گا انشاء

اللہ ۔ چیئرمین صاحب! یہ ایک ایسی حرکت ہے کہ اس سے نہ صرف ملک کا نام بدنام ہوا ہے بلکہ ساری ملت اسلامیہ کا نام اس سے خراب ہوا ہے ۔یہ وہ شیطانی قوتیں ہیں جو کہ نہ صرف اسلام کے بلکہ اس کے جتنے بھی نام لیوا ہیں ان کے خلاف ہیں اور خدا انہیں غارت کرے گا۔

جناب چیئرمین صاحب! مجھے یقین کامل ہے کہ یہ طاغوتی قوتیں جتنی بھی ہیں انشاء اللہ تباہ و برباد ہوں گی اور سچ کی فتح ہوگی اور ادھر سے یہ بات جو آئی تھی کہ یہ سارک کو خراب کر رہا ہے' جناب! یہ sabotage کرنے کے لیے کی گئی ہے تو یہ بات بنتی نہیں۔ یہ attack صرف ایک آدمی کی ذات پر تھا اور اب باقی جتنی چیزیں کہی جائیں گی وہ اس کی off shoot ہیں

source is that He was attacked not because of fault, not because of anything because if he dies then we have a lot of problems.

باقی رہ گیا security کا معاملہ تو اس پر بڑی بات ہو چکی ہے ' بڑی بحث ہو چکی ہے اور ایک چیز سامنے آئی ہے کہ اس میں بڑی کمی ہے اور مجھے امید ہے کہ حکومت اس معاملے کو بڑی سنجیدگی سے لے گی کیونکہ اگر خدانخواستہ دشمن اپنے ارادوں میں کامیاب ہو جاتے تو

we would have faced chaos, a complete turmoil in this country Mr. Chairman, let this be a lesson for all of us. Let us all unite together as one nation, as one country and fight this ugly monster, it is the best that we can. Thank you very much, sir.

جناب چیئرمین: ڈاکٹر نگہت آراء۔

مولانا راحت حسین: پوائنٹ آف آرڈر۔'

جناب چیئرمین: اسی چیز پر ہے؟ کیونکہ ابھی ہم ایک سلسلہ شروع کرکے بیٹھے ہوئے ہیں۔

مولانا راحت حسین: ایک اہم مسئلہ ہے ۔ اس پر صرف ایک منٹ میں انشاء اللہ ۔

جناب چیئرمین: ہاں۔ مختصر رکھیئے۔

مولانا راحت حسین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سب سے پہلے تو میں کل کے واقعہ پر

افسوس کا اظہار بھی کرتا ہوں اور مذمت بھی کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ایک اہم مسئلے کی نوعیت پر بات کروں گا۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک انتہائی اہم نوعیت کے مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں اور میں آپ کی وساطت سے حکومتی احباب سے گزارش بھی کرتا ہوں کہ اس مسئلے کا کوئی فوری حل نکالیں اور اس کے بارے میں ڈاکٹر شہزاد وسیم صاحب اور قائد ایوان صاحب سے بھی بات ہو چکی ہے۔ اگر یہ مسئلہ حل نہ ہوا تو قوم کے سینکڑوں نونہالوں کا مستقبل مخدوش ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین! اسلام آباد میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے نام سے پرائیویٹ سکیٹر میں ایک تعلیمی ادارے کا قیام 1996 میں عمل میں لایا گیا۔ میری معلومات کے مطابق اس ادارے میں سال اول سے لے کر سال آخر تک 246 طلباء و طالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ان طلباء و طالبات کے تعلیمی اخراجات' داخلہ فیس سے لے کر ہوسٹلوں اور رہائش تک سالانہ تخمینہ بارہ کروڑ تیس لاکھ روپے کے لگ بھگ آتا ہے۔ جناب چیئرمین! ادارہ مذکورہ کا اپنے قیام سے لے کر سال 2002 تک بقائی یونیورسٹی سے الحاق رہا اور مارچ 2002 میں یہ الحاق ختم ہوا۔ اب مذکورہ ادارے کا کسی بھی یونیورسٹی سے الحاق نہیں ہے اور نہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے اسے تسلیم کیا ہے۔ پچھلے دو سالوں سے طلباء اور طالبات کا کوئی بھی امتحان نہیں لیا گیا۔ جناب چیئرمین! میری اس ضمن میں گزارش یہ ہے کہ اس فوری نوعیت کے اہم مسئلے کی آپ تحقیقات کریں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس ادارے کے طلبا کو کسی اور ادارے میں adjust کرنے کے لئے بھی اقدامات اٹھائے جائیں۔ جناب چیئرمین، شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ راحت صاحب! اس کا آپ نوٹس دے دیں۔ پہلے ان کالجوں کے بارے میں وزیر صحت نے statement بھی دی تھی۔ یہ بھی ان کو convey ہو جائے گا لیکن آپ اس کا formal notice دے دیں۔

ڈاکٹر شہزاد وسیم۔ جناب والا! وزیر صاحب سے بات ہوگئی تھی اور جیسا کہ آپ نے کہا انہوں نے یہ یقین دہانی کرائی ہے۔ میں معزز رکن کی information کے لئے بتانا چاہتا

ہوں کہ انہوں نے صرف ایک کالج کا نہیں بلکہ جتنے اس قسم کے کالجوں میں طلباء ہیں ان سب کے متعلق انہوں نے کہا تھا کہ میں کمیٹی بنا کر اور اس سلسلے میں سب کو اعتماد میں لے کر کوئی فیصلہ کروں گا۔

جناب چیئرمین۔ لیکن ایک اور بات بھی تھی کہ داخلہ لیتے وقت students خود بھی ذرا ان چیزوں کا جائزہ لیا کریں کیونکہ ساری ذمہ داری حکومت پر نہیں آتی، افراد پر بھی ہے۔ یہ توجہ بھی ہونی چاہیئے۔ ڈاکٹر نگہت آغا۔

ڈاکٹر نگہت آغا۔ Thank you very much for giving me the time. سب سے پہلے تو میں اپنے بہن بھائیوں کی جو کہ ایم ایم اے سے ہیں، شکرگزار ہوں کہ وہ یہاں discussion میں part لے رہے ہیں اور ملک کو آگے بڑھانے میں ہم سب کی مدد کر رہے ہیں۔ Secondly جو سانحہ ہوا اس پر کافی بولا جا چکا ہے اور اسی لئے میں صرف دو منٹ میں اپنی feelings express کروں گی۔ This unpardonable act cannot be done by any Pakistani or any real Muslim. He or they must be insane, I don't know who they are, but they are not sane people and they can't be جسے محب وطن کہتے ہیں۔ Pervez Musharraf stands for peace, progress and prosperity اور جو اس کو ہٹانے کی کوشش کرے وہ انسان نہیں ہے اور نہ ہی اسلام ہمیں اس چیز کی اجازت دیتا ہے۔

ایک اور چیز پرویز مشرف لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ He is trying to bring real democracy and you can see اتنا criticism ان کے خلاف ہوتا ہے، اتنا criticism ہر media میں ہو رہا ہے لیکن میرے خیال میں سب سے زیادہ democracy وہی لائے ہیں کیونکہ جتنا criticism وہ tolerate کر رہے ہیں I don't think کہ پہلے کسی بھی گورنمنٹ نے tolerate کیا ہے۔ Media میں، اخباروں میں، ٹی وی پر criticise ہو رہا ہے لیکن وہ ہنس کر چھوڑ دیتے ہیں کیونکہ ہر ایک کا حق ہے criticise کرنا چاہیئے ہو constructive، hopefully, it is constructive. میں بس یہیں پر بات ختم کرنا چاہتی

ہوں کہ ہماری دعائیں President sahib کے ساتھ ہیں اور جسے خدا رکھتا ہے اسے کوئی ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین - بابر خان غوری صاحب۔

جناب بابر خان غوری۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ سب سے پہلے ہمارے جو اپوزیشن کے ساتھی آئے ہیں اس کی خوشی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ مجھے یہ بھی خوشی ہوئی ہے کہ ایم ایم اے کے ساتھیوں کی NADRA پر بھی بڑی نظر ہے' انہوں نے اس میں پورا participate کیا۔

کل جو واقعہ ہوا ہے' میں صدر صاحب کے لئے اس ایوان کے توسط سے یہ شعر پیش کروں گا۔

دہشتگردوں کے حملوں سے کب ہے وہ ڈرنے والا
جرأت والا بے باکی سے چلنے والا

ہمیشہ جب کوئی شخص اپنی جدوجہد کا آغاز کرتا ہے تو اس میں اس کو اس قسم کے واقعات سے گزرنا ہوتا ہے۔ اسلام میں جب شروع میں ایک جدوجہد شروع ہوئی' اس وقت بھی دیکھیں تو حضرت علی کے ساتھ کیا ہوا۔ کئی جگہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی ایسے واقعات پیش آئے۔ جب حق کی بات انہوں نے کی تو کہیں کچرا پھینکا گیا لیکن انہوں نے یہ بات ثابت کی اور یہ آج بھی کہا جاتا ہے اور ہمیں آج اس بات کا فیصلہ کرنا ہے بحیثیت مسلمان ' کہ کیا اسلام تلوار کے ذریعے پھیلا تھا یا کردار کے ذریعے؟ ہمارے پاکستان میں بلکہ پوری اسلامی دنیا میں 85% سے نوے فیصد تک وہ لوگ ہیں جو ایک اصل اسلام کی روح ہیں' روشن خیال اسلام' برداشت کرنے والا اسلام ' اسی رو سے ہم پاکستانیوں کی اکثریت روشن خیال ہے میں سمجھتا ہوں کہ شاید بہت کم لوگ ہوں گے' آٹے میں نمک کے برابر ' جو اس بات پر یقین نہ رکھتے ہوں - بلکہ majority ایک moderate پاکستان ' tolerant پاکستان چاہتی ہے تاکہ پاکستان کا پوری دنیا میں جو image ہے ' حقیقت میں لوگ یہ feel کریں کہ واقعی یہ ایک اسلام کا نمونہ ہے -

اسلام کی اصل روح پاکستان ہے - اسلام میں کہیں یہ نہیں ہے کہ اگر فلاں شخص

سے کوئی اختلاف ہے تو اس کو اڑا دو ۔ اسلام میں یہ ہے خود قرآن میں یہ ہے کہ اگر تم نے ایک انسان کا قتل کیا تو پوری انسانیت کا قتل۔ کیا تو یہ قرآن میں کہاں سے درس آ گیا؟ ان کو کون تربیت دے رہا ہے؟ کہ جاؤ اس آدمی کو مار دو یہ کافر ہے ،تم جنت میں جاؤ گے ۔ یہ ترغیب کون دے رہا ہے ؟ میں سمجھتا ہوں وہی اسلام کے دشمن ہیں۔ وہ اصل میں اسلام کے ٹھیکیدار بننے کی کوشش کرتے ہیں لیکن وہی اسلام کے دشمن ہیں۔ ہمیں آج ایسے لوگوں کا احتساب کرنا ہوگا جو ہمیں مختلف فرقوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔عبادت کا تعلق بندے اور خدا کے درمیان ہے۔ کوئی ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھتا ہے ' کوئی ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتا ہے ' کوئی ہاتھ اوپر باندھ کے نماز پڑھتا ہے 'یہ تو روز محشر پتا چلے گا جب حساب کتاب ہوگا کہ نماز کس کی قبول ہوئی ؟ اس کی ' جس نے ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھی یا ہاتھ نیچے کرکے نماز پڑھی یا ہاتھ اوپر باندھ کر نماز پڑھی یا وہ آدمی جنت میں چلا گیا جس نے ساری زندگی نماز نہیں پڑھی اورصرف ایک دو دفعہ خضوع وخشوع کے ساتھ نماز پڑھی اور انسانیت کی خدمت کرتا رہا ۔ پتا چلا وہ جنت میں چلا گیا تو یہ کیسے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے اگر داڑھی رکھ لی ' ہم نے پانچ وقت کی نماز پڑھ لی ' تو ہم جنت میں چلے جائیں گے ۔ نہیں ' یہ فیصلہ تو وہاں پر ہوگا۔ یہ فیصلہ بھی خدا تعالیٰ ہی کرے گا۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج عوام اچھی طرح جان گئے ہیں کہ جو لوگ اسلام کو اپنے ذاتی مقاصد کے لئے استعمال کر رہے ہیں وہ اسلام کی خدمت نہیں کر رہے بلکہ اسلام کو نقصان پہنچا رہے ہیں ۔ Nine/eleven کا جو واقعہ ہوا تھا ' اس سے مسلمانوں کو کیا فائدہ ہوا ؟ بتا دیجئے ۔ میں سمجھتا ہوں اس سے بڑا نقصان مسلمانوں کو کبھی نہیں ہوا تھا جو اس nine/eleven کے واقعہ سے ہوا ہے ۔ آج پوری دنیا میں مسلمان جیسے ہی کسی ایئرپورٹ پر اترتے ہیں تو وہ پاسپورٹ پر دیکھتا ہے "محمد" ' تو وہ کہتا ہے آپ side پر آ جائیں ۔ یہ ان لوگوں کی غلط حرکتوں کی وجہ سے ' غلط اقدامات کی وجہ سے اور اسلام کے غلط پرچار کی وجہ سے ہے۔ آج ہم جب دنیا کے کسی بھی ائر پورٹ پر اترتے ہیں' even اب تو اسلامی ممالک کے اندر بھی مسلمان ایک دوسرے کو شک کی نظر سے دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سوڈانی نہیں آ سکتا ' پاکستان میں لیبیا کا کوئی آتا ہے تو اس پر شک کیا جاتا ہے' کوئی عرب آ رہا ہے تو ہم اپنے مسلمان بھائیوں کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں' ہو سکتا ہے وہ investment کے لئے آ رہا ہو لیکن ہمارے ذہن میں یہ آ رہا ہے کہ پتا

نہیں یہ القاعدہ کا تو نہیں ہے ۔ یہ کیوں develop ہوا ہے ؟ کیا ہمارا کردار یہ تھا کہ آج ہم خود ایک دوسرے پر شک کریں؟ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اسلام کے خلاف بہت بڑی سازش ہے ۔ اور ہو سکتا ہے کہ کبھی تاریخ میں یہ بھی آئے کہ جو ٹھیکیدار بنے ہوئے ہیں وہ کسی کے آلہ کار ہوں جو اسلام کو بدنام کرنے کے لئے اس قسم کے واقعات کر رہے ہوں ۔ نہ وہ اسلام کے ہیرو ہیں ' نہ اسلام میں ایسے لوگوں کو برداشت کیا جانا چاہیے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اب احتساب کرنا ہوگا ۔ ہمیں ہر محلے کی سطح پر ' اپنے محلوں کی مسجدوں پر بھی نظر رکھنی ہوگی کہ ہمارا امام جس کا کام نماز پڑھانا ہے 'قرآن شریف پڑھائے ' اچھے برے کی تمیز دے ' ہمیں بتائے کہ بدی کیا ہے نیکی کیا ہے ' گناہ کیا اور ثواب کیا ہے ؟ وہ منبر پر بیٹھ کر سیاسی تقریر کر رہا ہے تو ہمارا فرض ہے کہ اس کا احتساب کریں کہ میاں نماز پڑھاؤ ' تمہارا یہ کام نہیں کہ یہاں بیٹھ کر سیاسی باتیں کرو۔ مسجد کا غلط استعمال کر رہے ہو ۔ ہمیں بھی اپنا کردار تبدیل کرنا ہوگا ورنہ یہ چیز بڑھتی چلی جائے گی ۔پاکستان کے عوام جاگ رہے ہیں ۔ پاکستان کے اندر اس قسم کے واقعات کو ہم مزید برداشت نہیں کریں گے ۔

آج ہر ایک پاکستانی کا یہ فرض ہے کہ اس وقت دنیا میں پاکستان کی جو اہمیت ہے اس کے لئے اپنا اپنا کردار ادا کرے ۔ ہم الزامات لگا رہے ہیں کہ کسی کی ذمہ داری ہونی چاہیے تھی ۔ وزیر داخلہ کی ذمہ داری ہونی چاہیے تھی ' intelligence agencies کی ذمہ داری ہونی چاہیے تھی ۔ وہ اپنی اپنی جگہ ہے ۔ ان کا جو کردار ہونا چاہیے تھا اور اس میں ان کی جو غلطیاں تھیں ان کی ضرور تحقیقات ہونی چاہیئے لیکن بحیثیت ایک مسلمان ' ایک پاکستانی کے ہماری کیا ذمہ داری ہونی چاہیئے؟ ہم بھی vigilant رہیں' ہم بھی نظر رکھیں کہ کون لوگ ہمارے ملک میں تفرقہ پھیلا رہے ہیں۔ پاکستان ایک مضبوط ملک بنے گا۔ آج Hightech کا دور ہے' اگر ہمارے پاس اعلیٰ ٹیکنالوجی ہوگی' ہمارے پاس ایجوکیشن ہوگی تو شاید ہم مقابلہ کر سکیں گے۔ آپ کو یاد ہوگا' آپ نے تاریخ میں دیکھا کہ 1857 کی جنگ آزادی سے پہلے بھی یہی دور تھا۔ مسلمانوں کے ذہنوں میں ڈالا گیا تھا کہ یہ گورے ' یہ انگریز آپ کے دشمن ہیں۔ آپ کے خلاف ہیں' ہم نے اس وقت جب جنگ آزادی ہاری اور جب مسلمان مایوس ہوئے تو سرسید احمد خان کھڑے ہوئے اور انہوں نے کہا کہ دیکھو اگر تمہیں ترقی کرنی ہے تو انگریزی سیکھو۔ اس وقت بھی ان پر الزام لگایا

گیا' اس وقت بھی ان کو گوروں کا ایجنٹ کہا گیا' ان کو کہا گیا کہ یہ کافر ہے۔ اس وقت بھی یہ ہوا تھا جو آج مشرف صاحب کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔ اس وقت بھی یہ ہوا تھا کہ جب کوئی اچھی بات کرتا تو اس کے خلاف ہو جاتے لیکن وقت نے ثابت کیا کہ اگر سر سید احمد خان اس وقت یہ نہ کہتے' ان کی تعلیمات کی وجہ سے' ان کے خیالات کی وجہ سے 'علی گڑھ یونیورسٹی جب قائم ہوئی اور لوگوں نے تعلیم حاصل کی تو وہاں شعور بیدار ہوا' جب شعور بیدار ہوا تو تحریک پاکستان چلی' جب تحریک پاکستان چلی تو اس کے نتیجے میں پاکستان وجود میں آیا۔ کہاں کی بات کہاں جا کر پہنچی۔ بات یہی ہے کہ اگر کوئی آدمی آپ کو روشن خیالی دے رہا ہے' حالات اور وقت کے تقاضے سے کوئی بات کر رہا ہے تو یہ کہہ دینا کہ کافر ہے' یہ فلاں کا ایجنٹ ہے' میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ اپنے ملک کے لئے غلط بات کر رہے ہیں۔ اپنے ملک کے اندر خود تفرقہ پھیلا رہے ہیں۔ اپنے لوگوں کے اندر دشمنیاں پیدا کر رہے ہیں۔ یہ بہت ضروری تھا کہ آج اگر کوئی آدمی پاکستان کے لئے دنیا کو بتا رہا ہے کہ اصل اسلام کی تصویر یہ ہے' آج اگر پرویز مشرف صاحب جرات سے ' ہمت سے پوری دنیا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر United Nations میں بات کرتے ہیں کہ اسلام ایک روشن خیال مذہب ہے' اس میں کہیں یہ نہیں ہے کہ ہم دہشت گرد ہیں' ہمیں دہشت گرد نہ سمجھا جائے۔ جیسے ابھی ہمارے کمانڈر صاحب نے تقریر کی اور بتایا' انہوں نے اس فرق کی وضاحت کی' واضح کیا کہ تحریک آزادی کے سپاہی کون ہیں' آزادی کی جنگ کون لڑ رہا ہے اور دہشت گرد کون ہے۔ یہ فرق بہت ضروری تھا۔ ورنہ ہو یہ رہا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کی آڑ میں ہماری کشمیر کی آزادی کی تحریک اور فلسطین کی تحریک کو بھی دہشت گردی کے زمرے میں لایا جا رہا تھا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج وقت آگیا ہے کہ ہم سب مل کر یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ پاکستان کے اندر مجھے خوشی ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں نے' تمام مذہبی جماعتوں نے' ہر فرقے کے لوگوں نے اس واقعہ کی مذمت کی ہے۔ ایوان اس واقعہ کی مذمت کرتا ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ قوم اس قسم کے واقعات سے منتشر نہیں ہوگی بلکہ ہم میں اور حوصلہ آگیا ہے' اور ہمت آگئی ہے۔ میں سلام پیش کرتا ہوں جنرل پرویز مشرف صاحب کو کہ جو اتنے بڑے واقعے کے باوجود ایک پروگرام کو attend کرنے آئے۔ ورنہ کوئی اور ہوتا تو شاید ان کی ہمت جواب دے دیتی لیکن یہ ان کی ہمت تھی کہ انہوں نے اپنے پروگراموں کو منسوخ نہیں

کیا اور انہوں نے اس میں شرکت کی۔ آخر میں میں ان کے لئے ایک شعر کہوں گا۔

وہ ریاست کی ایک علامت ہے
اس میں خوف خدا سلامت ہے
اس کو ماریں گے کیا یہ کم ہمت
جس سے بے وجہ ہی عداوت ہے۔

شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین : جناب محمد علی درانی۔

جناب محمد علی درانی : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! کل کے افسوسناک واقعے کو جتنا بھی criticize کیا جائے وہ کم ہے۔ یقیناً یہ ایک بزدلانہ اقدام تھا۔ یہ دہشت گردی تھی۔ یہ افسوسناک واقعہ تھا۔ میں اسی بات کو دہراؤں گا جو پچھلی دفعہ بھی میں نے کہی تھا کہ یقیناً بچانے والا نقصان پہنچانے والے سے زیادہ طاقتور ہے اور جب تک ایک وقت مقرر نہ ہو اس وقت تک شاید کوئی بھی کسی کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

آج کے اس دن جب ہمارے اپوزیشن کے دوست بھی پارلیمنٹ میں موجود ہیں' بالخصوص ہمارے ایم ایم اے کے دوست جو آج یہاں موجود ہیں' میں ان کو خوش آمدید بھی کہوں گا اور میں یہ کہوں گا کہ انہوں نے اپوزیشن میں ہوتے ہوئے' dialogue کو جاری رکھتے ہوئے' issues پر بات چیت کرتے ہوئے مسئلے کو حل تک پہنچا کر حقیقی اپوزیشن کی حیثیت کو اختیار کیا ہے۔ آپ کے اس رویے کی وجہ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں جمہوریت کو استحکام نصیب ہوا ہے اور مزید ہوگا۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ آپ کی یہ بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپوزیشن کے باقی دوستوں کو بھی آپ پارلیمنٹ میں واپس لے کر آئیں کیونکہ جب دو تہائی اکثریت سے' جیسا کہ اس معاہدے کے مطابق طے پایا ہے' یہ سب کچھ طے ہو جاتا ہے تو اس کے بعد ان کا یہ رویہ کہ وہ پارلیمنٹ سے باہر رہیں' میرا خیال ہے زیادہ غیر جمہوری ہوگا اور اس سے جمہوریت کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا بلکہ اس کے نتیجے میں ہٹ دھرمی اور شدت پسندی کا ایک رویہ سامنے آئے گا جو یقیناً اس ملک میں جمہوریت کی بہتری اور جمہوریت کے مفاد میں نہیں

ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ وہ دوست جو آج موجود نہیں ہیں اگر وہ بھی آج آ جاتے تو اچھا ہوتا۔ اس میں اس وقت خفت کی یا شرمانے کی کوئی بات نہیں ہے۔ اپنی غلطی سے سیکھنا بھی جمہوریت کا ایک حصہ ہے۔ Dialogue سے باہر رہنے کی غلطی وہ کر چکے ہیں۔ میرا نہیں خیال کہ اب انہیں پارلیمنٹ سے باہر رہنے کی غلطی کرنی چاہیئے۔ میں اپنی گفتگو کو ختم کرنے سے پہلے ایک دفعہ پھر یہ ضرور کہوں گا کہ کل کا جو واقعہ تھا وہ افسوس ناک ہونے کے ساتھ ساتھ اس چیز کا بھی آئینہ دار ہے کہ پاکستان جس میں ہم اس وقت جمہوریت کو لانا چاہ رہے ہیں، جس میں ہم جمہوری اداروں کو مستحکم کرنا چاہ رہے ہیں، جوں جوں ہم جمہوریت کی جانب پیش قدمی کرتے ہیں اسی طرح سے اس کے راستے میں رکاوٹوں میں شدت آتی جا رہی ہے۔ آپ یہ دیکھیں جب سے اس بات کا عندیہ دیا گیا ہے ---------

(اس موقع پر جمعتہ المبارک کی آذان کی آواز سنائی دی)

جناب محمد علی درانی: جناب چیئرمین! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب اس معاہدے کا عندیہ دیا گیا تو پہلا دھماکہ ہوا۔ گزشتہ رات سے ایک رات پہلے جب اس معاہدے پر دستخط ہوئے تو اس کے بعد یہ دوسرا واقعہ ہوا۔ ان دونوں واقعات کا ہونا بہت significant ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ کون سی قوتیں ہیں جو حقیقت میں پاکستان کو حقیقی جمہوریت اور ایک مستحکم جمہوریت کی طرف بڑھنے سے روکنا چاہتی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب پر جو attack ہوا ہے یہ صرف ان کی ذات پر نہیں بلکہ ان کے اس blue print کے اوپر بھی ہے جس کے تحت وہ اس ملک کے اندر اداروں اور جمہوریت کے استحکام کو یقینی بنانا چاہتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ اسلام کا جس انداز میں اور اسلام کی مسخ ہوتی ہوئی صورت کا جس بہادری کے ساتھ انہوں نے ایک نیا رخ اور ایک حقیقی رخ واضح کرنے کی کوشش کی ہے، ان اقدامات کی موجودگی میں ان کی ذات کو نشانہ بنایا جانا یقیناً پاکستان اور اسلام دونوں کے خلاف ایک سازش ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت پوری قوم کی ذمہ داری بنتی ہے کہ پوری قوت کے ساتھ اس چیز کا اعادہ کرے کہ پاکستان میں اسلام کی اس شکل کو آگے بڑھائیں گے جس

کے اندر دہشت گردی اور شدت پسندی نہ ہو۔ پوری کائنات کے لئے امن اور آشتی کے پیغام لانے والے دین کو ہم کسی بھی قسم کی دہشت گردی اور شدت پسندی کا دین نہیں بننے دیں گے۔ اور دوسرا ہمیں اس چیز کا اعادہ کرنا چاہئے کہ ہم اس ملک کے اندر جمہوریت، جمہوری اداروں کے استحکام اور جمہوری اداروں کی مضبوطی کے لئے اپنی کوشش اور قوت کے ساتھ مل کر جدوجہد کریں گے اور ایک اور تجویز جو میں ایوان کی طرف سے صدر محترم کو دینا چاہوں گا وہ یہ ہے کہ اس وقت جب یہ ملک ایک انتہائی مشکل اور اپنی زندگی کے ایک ایسے دور سے گزر رہا ہے کہ جس کے اندر بہت احتیاطیں کرنا ضروری ہے۔

جس بہادری کا انہوں نے کل کے واقعے کے بعد بھی مظاہرہ کیا وہ یقیناً بہت ہی قابل تحسین ہے لیکن میں یہ بھی suggest کرنا چاہوں گا کہ موجودہ صورت حال میں اگر صدر محترم اپنی رہائش گاہ کو اسلام آباد میں منتقل کر لیں تو اس کے نتیجے میں President House میں ان کی رہائش اس وقت قوم کے مفاد میں ہو گی۔ کیونکہ پنڈی اور اسلام آباد کے درمیان ان کی جو ہر وقت کی movement ہے، اس کے اندر ہی یہ حادثات بھی واقع ہو رہے ہیں۔ اللہ پر توکل اور بہادری اپنی جگہ ایک اچھی بات ہے لیکن اونٹ کو کھونٹے کے ساتھ باندھ کر اس کے بعد اس کو اللہ پر چھوڑنا بھی اک تقاضا ہے۔ اسی طرح جو ان کی حفاظت کے اقدامات ہیں اور جو دوسری تدبیریں ہیں، میرا خیال ہے کہ ان کی رہائش گاہ کی منتقلی کے ساتھ ساتھ ان تمام چیزوں کو بھی دوبارہ سے دیکھے جانے کی ضرورت ہے کیونکہ ان کی حیثیت اس وقت ایک فرد کی نہیں ہے بلکہ اس ملک کے اندر اداروں کو استحکام دینے کے لئے کام کرنے والے ایک فرد کی ضرورت ہے اور ایسے افراد کا تحفظ پوری قوم اور تمام اداروں کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس ملک، اس ملک میں بسنے والے، اور ہم سب دین اسلام جو اس دنیا کے لئے رحمت کا پیغام ہے، اس دین پر چلتے ہوئے اور اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر چلتے ہوئے اپنے ملک میں بھی اس دنیا کو امن، آشتی، محبت کا پیغام دیتے ہوئے اس دنیا میں انصاف اور ظلم کو ختم کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔ شکریہ۔

جناب وسیم سجاد: جناب! میں ایک گزارش کرنا چاہوں گا کہ نماز کا ٹائم ہو رہا ہے اور

جو سوالات ہیں وہ پڑھے ہوئے تصور کئے جائیں اور نماز کا وقت غالباً پونے ایک بجے ہے۔

جناب چیئرمین: مقرر کافی ہیں، وہ پونے ایک تک ختم ہو جائیں گے۔ مجھے تو کوئی اعتراض نہیں لیکن اگر نہیں ہوتے تو پھر نماز کے بعد ملنا پڑے گا۔

جناب وسیم سجاد: جناب؟

جناب چیئرمین: مقرر کافی ہیں ابھی۔

جناب وسیم سجاد: تو جناب آج نماز کے بعد---

جناب چیئرمین: نماز کے بعد آج پھر convene ہونا پڑے گا۔ بے شک باقی business کو آپ dispense کردیں لیکن یہ تقاریر ہیں۔ تو پھر ہم ڈیڑھ بجے ملیں گے۔ ڈاکٹر بلیدی کی اور کاکڑ صاحب کی تقاریر سن کے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! Thank you very much آپ نے ہمیں موقع دیا۔ سب سے پہلے تو ہم نو مہینے کے بعد آج کارروائی میں حصہ لے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب بلیدی صاحب! to the point بولیں کیونکہ ابھی ہم نے نماز کے لئے جانا ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جی جی۔ تو اس میں ہمیں خوشی بھی ہے اور ہم نے جو fight کی جمہوریت کی بالا دستی کے لئے اور باقی سب چیزوں کے لئے یہ Treasury benches والوں کے لئے بھی تھی اور ہمارے لئے بھی۔ پورے ملک کی سلامتی اور جمہوریت کو مضبوط کرنے کے لئے ہم نے جو جنگ لڑی وہ سب کے لئے تھی۔ اور اس میں انشاء اللہ تعالیٰ جو معاہدہ ہوا اس کو ہم خوش آمدید کہتے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ ہم ساتھ مل کر چلیں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو کل کا واقعہ ہوا ہے، ایم ایم اے اور تمام چودہ کروڑ عوام اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ گیارہ دن کے بعد اسی location پر دوبارہ اس طرح کے واقعہ کا ہونا ایک عبرت ہے، اس پر ہمیں سوچنا ہے کہ ہمارے جو ادارے اس کام کے لئے مخصوص ہیں ان کی ڈیوٹی کیا ہے، آخر ان پر سالانہ کتنا بجٹ خرچ ہوتا ہے۔ President of Pakistan کی سیکورٹی کا یہ عالم ہے کہ چھاؤنی کے علاقے میں جو کہ انتہائی حساس ایریا ہے اگر

وہاں کوئی غیر فوجی جائے تو ان کو وہاں اپنی نشاندہی کرانی پڑتی ہے' ان کا شناختی کارڈ دیکھا جاتا ہے۔ یہ واقعہ صدر پاکستان پر وہاں دوسری دفعہ ہوا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو عام لوگوں پر دوسرے علاقوں میں واقعات ہوتے ہیں ان غریب لوگوں کا کون سننے والا ہے۔ گیارہ دن کے بعد دوبارہ اس طرح کا واقعہ ہوا ہے۔ جیسا کہ مشاہد صاحب نے ٹی وی پر کہا تھا کہ ہمارے وزیر داخلہ صاحب پولیس والوں پر الزام لگاتے ہیں اور پولیس والے ایجنسیوں پر' MI, IB پر' IB, ISI پر' ان تمام کو چھوڑ کر سیکورٹی کے لئے ایک ادارہ قائم کیا جائے۔ انہوں نے مثال دی کہ جب 11 ستمبر کے واقعہ پر امریکہ اس حد تک پہنچ گیا کہ وہاں پر تمام ایجنسیاں اور ادارے ناکام ہو چکے تھے تو انہوں نے اپنے لئے ایک الگ ادارہ قائم کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے وزیر داخلہ صاحب جو کہ یہاں موجود نہیں ہیں اور یہ ایک عام مسئلہ ہے' دوسرے واقعہ کے بعد ان کو اخلاقاً resign کرنا چاہیئے۔ ان کو اخلاقی طور پر اس forum پر یہ کہنا چاہیئے تھا' چونکہ گیارہ دن کے بعد صدر پاکستان پر دوبارہ حملہ ہوا ہے اور اس سے قبل کے واقعہ پر بھی ہم نے کوئی سراغ نہیں لگایا ہے اور میرے وزیر داخلہ کے عہدے پر رہنے کا کوئی جواز نہیں ہے' لہذا اخلاقی طور میں اپنا resignاس forum پر وزیر اعظم صاحب کو پیش کرتا ہوں۔ اگر نہیں تو کیا یہ مذاق ہے۔ سارک کا معاملہ بھی آ رہا ہے اور ہمارے اندرون ملک دہشت گردی کی یہ حالت ہے۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ کہتے ہیں جی یہ مذہبی انتہا پسندی ہے۔ جیسا کہ درانی صاحب نے کہا کہ کل معاہدہ طے پا گیا اور ہم نے sign کر لئے' ہم MMA اور مذہبی جماعتیں چاہتی ہیں کہ اس ملک کا سسٹم چلے اور ہم اس سسٹم کو آگے چلائیں' یہ ملک مستحکم ہو۔ فی الفور اس ضمن میں کوئی واقعہ ہوا تو یہ کوئی اس میں interfere نہیں ہے' یہ باہر کے اشارہ سے بھی interfere ہو سکتا ہے۔ میں صدر صاحب سے request کرتا ہوں کہ وہ اپنے اندر بھی دیکھ لیں کہ کوئی ایسا مسئلہ نہ ہو کہ ان کا کوئی اندرونی معاملہ ہو۔

خدارا! اس ملک کو بچائیں۔ جناب! اسلام آباد کی سیکورٹی کا یہ عالم ہے' اعظم طارق کو کھلے عام مارا گیا اور آج تک اس کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ یہاں پارلیمنٹ لاجز میں سارے منسٹرز' سینیٹرز اور MNAs رہتے ہیں' Ministers کے بنگلے ہیں' وزیراعظم ہاؤس ہے' اگر ہماری سیکورٹی اس طرح کی ہے کہ اسلام آباد کے لوگ بھی محفوظ نہیں ہیں تو پھر ہم کہاں جائیں۔ ہم

تو تربت، مکران اور بلوچستان کا گلہ کرتے ہیں، وہ تو بہت دور کے علاقے ہیں۔ خدارا! اس پر آپ سوچیں۔ میری تجویز ہے کہ اس کے لئے سینیٹ ایک کمیٹی تشکیل دے اور کمیٹی وزیر داخلہ اور تمام اداروں کے ساتھ meeting کرے، مشاہد حسین کی سربراہی میں یہ کمیٹی ہو اور وہ باقاعدہ اس پر غور کرے کہ یہ کمزوری اور لاپرواہی کس کی وجہ سے ہے۔ اس ملک پاکستان کو بچانا ہے، اگر پاکستان رہے گا تو ہم رہیں گے۔ جناب! یہ بہت اہم مسئلہ ہے، اس پر باقاعدہ طور پر غور کیا جائے۔ یہاں جو باتیں ہوتی ہیں اس پر کوئی implementation نہیں ہوتی۔ خدارا! چیئرمین صاحب! آپ خصوصی طور پر اس پر action لیں اور میری تجویز ہے کہ کمیٹی تشکیل دی جائے اور وہ کمیٹی مکمل طور پر غور کر کے اپنی رپورٹ اس ہاؤس میں پیش کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب رحمت اللہ کاکڑ صاحب۔

جناب رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: شکریہ جناب چیئرمین! اور ساتھی بھی اس پر اظہار خیال کر چکے ہیں، MMA کے پلیٹ فارم سے ہم جنرل صاحب پر اس حملے کی پرزور مذمت کرتے ہیں بلکہ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اس سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ملک کی internal security کا کیا عالم ہے۔ پاکستان کے چیف ایگزیکٹو کی، راولپنڈی کے sensitive area میں سیکورٹی کا یہ عالم ہے۔ جو لوگ اس میں شہید ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔

جناب چیئرمین: آمین۔

جناب رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: یہ ماننا پڑے گا کہ سیکورٹی انتہائی ناقص تھی اور ہے۔ آپ کے سامنے ہے کہ پارلیمنٹ لاجز میں مئی کے مہینے میں day light میں میرے فلیٹ میں جو ڈکیتی ہوئی اس پر جو privilege committee بنی اس کی رپورٹ اگر پیدل بھی چلتی تو کمیٹی روم نمبر ایک سے ایک آدھ گھنٹے میں اس ہاؤس تک پہنچ جاتی۔ سات، آٹھ مہینے ہو گئے ہیں، اس کی report ابھی تک نہیں پہنچی ہے۔ Condonation کے لئے وہ----------

جناب چیئرمین: جناب! وہ آج agenda پر ہے۔

جناب رحمت اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ: جی۔ Security کا مسئلہ پورے ملک میں ہے۔

اگر security ہے تو صرف شریف لوگوں کے لئے ہے، شریف لوگوں کی جیبوں میں دیکھا جاتا ہے۔ ہماری یہ پچیس یا اٹھائیس intelligence agencies کس مرض کی دوا ہیں؟ ان کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا چاہئیے اور ان کو یہ ماننا چاہئیے کہ ان میں جتنی خامیاں ہیں، ان کو دور کرنے کے لئے کچھ بندوبست ہونا چاہئیے۔ یہ واقعہ خدا نخواستہ کسی کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ جب ملک کے Head of State کو نہیں بخشا جا رہا ہے تو باقیوں کا تو پھر اللہ ہی حافظ ہے۔ بہرحال ہماری تمام ہمدردیاں، جذبات اور احساسات جنرل صاحب کے ساتھ ہیں۔ اللہ کرے کہ آئندہ ایسی چیزوں کا اعادہ نہ ہو۔ اس House کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ہوں۔ جناب آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

Dr. Shehzad Waseem: Thank you Mr Chairman.

کل کے واقعے کی میں پرزور مذمت کرنا چاہوں گا۔ کل جو واقعہ پیش آیا ہے اس کا نشانہ صرف صدر پاکستان کی ذات نہیں بلکہ پاکستان کا استحکام بھی تھا۔ اگر بات صرف صدر پاکستان کی ذات ہے تو جو لوگ اس بزدلانہ حرکت میں شریک تھے وہ بھول گئے کہ جس شخص کی ذات کو یہ نشانہ بنا رہے ہیں، اس نے اپنے career کا آغاز ہی اس profession سے کیا تھا کہ جس میں موت اور زندگی اس کے آنگن میں کھیلتے رہے ہیں۔ ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ جب پہلا واقعہ ہوا تو اس کے بعد اسی روڈ سے وہ واپس آئے۔ دوسرے واقعے کے چند لمحوں بعد ہم نے ان کو TV پر دیکھا and he remain undeterred. اس لئے انہوں نے اپنے فعل سے ثابت کیا کہ مومن کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں۔ جب LFO کی بات ہوتی ہے، جب ملک میں سیاسی استحکام لائے جانے کی بات ہوتی ہے تو وہ شخص maximum flexibility دکھاتا ہے۔ مگر جب دہشت گردی کی بات ہوتی ہے، جب انتہا پسندی کی بات ہوتی ہے تو وہاں پر آپ کو flexibility نظر نہیں آئے گی۔ اقبال نے ایسے اشخاص کے لئے کہا تھا۔

ہو حلقہ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

جناب! اگر اس دن کوئی زیادہ serious صورت حال پیدا ہوتی تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ آج اس ملک میں کیا صورت حال ہوتی۔ یہ لمحہ فکریہ ہے کہ ہم ان عناصر کو بے نقاب کریں اور قوم کے سامنے یہ بات لائی جائے کہ وہ کیا وجوہات ہیں کہ آج صدر پاکستان کی ذات کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ نمبر ا' اس لئے کہ وہ ملک کو معاشی استحکام کے راستے پر لے آئے ہیں' اس لئے کہ عالم تنہائی سے پاکستان کو نکالا اور دنیا میں پاکستان کے وقار کو بلند کیا ' اس لئے کہ جب دنیا میں اسلام اور دہشت گردی کو ایک ساتھ ملایا جا رہا تھا تو enlighten modernization کے حوالے سے اسلام کی صحیح تصویر پیش کی ' اس لئے کہ علاقائی حوالے سے پاکستان بھارت تعلقات کے اندر آج گرمجوشی ہے' SAARC Conference سے لوگوں کی جو توقعات ہیں' وہ سب پر عیاں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان تمام حالات کے اندر یہ فیصلہ کرنا کوئی مشکل نہیں ہے کہ اس کے پیچھے کونسی قوتیں کارفرما ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی حکومت' صدر پاکستان کی ذات ان تمام بزدلانہ واقعات سے کبھی بھی مرعوب نہیں ہو گی۔ President صاحب تو ویسے بھی front foot پر کھیلنے کے عادی ہیں' یہ چھوٹی موٹی چیزیں ان کو back foot پر نہیں لے جا سکتی ہیں۔ میں ایک مرتبہ پھر اس ایوان کے حوالے سے پرزور مذمت کرتا ہوں کہ اس قسم کے بزدلانہ واقعات نہ ہوں۔ Thank you.

Mr. Chairman: Break for Friday Prayers and we will convene at 1.30 pm. Thank you.

[The House was then ad journed for Friday Prayers to meet again at 1.30 pm.]

[The House reassebled after Friday prayers]

جناب چیئرمین : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ We will continue with the speakers, we have. Mr. Waqar Ahmad Sahib

جناب کامل علی آغا : جناب والا! میں دعا کے متعلق کہنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : جی آغا صاحب ۔

جناب کامل علی آغا : کل کے واقعہ میں جو افراد شہید ہو ئے ہیں ' ان کے لئے فاتحہ پڑھ لی جائے۔

جناب چیئرمین: کیا وہ دفن ہو گئے ہیں ؟ تدفین کے بعد فاتحہ ہوتی ہے ۔

جناب کامل علی آغا : آپ دعا کرلیں ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ۔ دعا کرلیں ۔

(اس موقع پر صدر مملکت کے قافلے پر حملہ میں شہید ہونے والے افراد کے لئے دعا کی گئی))

Mr. Chairman: The sentiments of the House will be passed on to the bereaved families and sympathies for quick recovery for the injured. Mr. Waqar Ahmad Khan.

Mr. Waqar Ahmed Khan: Thank you. Mr. Chairman, *"de javu"* is a word, that comes to my mind. Only less than two weeks ago, I was standing here, condemning and deploring the atrocities committed, less than two weeks ago on the President Musharraf's motor cade and again, I find myself in the same position condemning this action. This matter is of great concern and in less than two weeks, there have been three attempts. One, about two weeks ago and two that were done yesterday. I, today, again condemn and deplore this atrocity committed by these cowards against the President of Pakistan. I must assure you Mr. Chairman, the President's resolve and determination will not deter with such cowardly act. President is a man of vision and is a very bold man who has given Pakistan a sense of direction and is taking Pakistan into new millennium with a vision, vigour, force and as a moderate Pakistan.

Mr. Chairman, I must emphasise here that Pakistan is a major player and is one of the strongest allies with coalition forces against war against terrorism. We have stood by the coalition partners against this war. We will stand by and will finish this war against terrorism together with all the coalition partners. Nothing of this sort will deter or will change our resolves.

Mr. Chairman, I heard President's speech yesterday, on the television and I must compliment and commend him for his determination and bravery. He spoke eloquently and he has a strong belief in God. He is a man who has strong faith and I believe that his faith in God, in all these difficult times, would make sure that these cowards are rooted out and these cowards are taken to task. We need to handle these forces with an iron fist and when with an iron fist when we need to take them to task, we must make sure that this action is not ever repeated in the history of Pakistan. Mr. Chairman, what comes to my mind are three things. What are the causes? What are the reasons? What are these people trying to achieve?

Obviously, they are no friends of Pakistan and obviously they are no friends of Islam. They are enemies of Pakistan because President is not only a President of Treasury Benches or the Opposition Benches but he is a President of Pakistan. He is a leader of Pakistan. A leader who is first among equals. Today, as a nation we stand united and nobody can change our resolve or deter our vision and take us apart. We stand

united today in condemning this action against the President of Pakistan and I want to point out that these forces, whoever they are, we will get to them. Rest assure, the Pakistani people, the Pakistani forces, security agencies and intelligence agencies, various other agencies, they are working day and night in finding these culprits and take them to task.

Now, what are these people trying to achieve? Three or four things come to my mind. Firstly, they want to create anarchy, uncertainty, chaos and panic in the country by commiting such acts. Secondly, they want to destroy international perception of Pakistan. Now I must assure you, Mr. Chairman, that these actions, these acts will not change our perceptions. These actions will not timid our approach. These actions will not make us sit down and think and wait and see, no. They will make our approach more strong, will affirm our resolves. They will increase our determination to handle these activities and make sure that these things will not happen again.

Mr. Chairman, the President is a very generous man and as a goodness of his heart he said yesterday that he has tremendous faith in the security agencies and the people are regarding him. But I must say that there has to be a security lapse somewhere. There has to be an intelligence lapse somewhere. Without such things, these atrocities and actions cannot be committed and they cannot becommitted in such a manner. I think, the first thing that the President must do is to re-visit and review all the security protocols in detail and find out if there is any loophole, anything that is out of context and make sure he puts a stop and

end to it today. now because the President of Pakistan is a man who has given us vision, a future and has taken us into a new millennium as one nation, as a prosperous and emergent nation. With such acts, these people, whoever they may be, we don't have the intelligence gathering and we don't have the information and yet today to adhere to who these people are? I don't want to comment without the proper information but whoever they are, they are no friends of Pakistan. They are enemies of Pakistan. They are enemies of Islam and I wish that we get hold of them sooner than later and bring prosperity, peace and harmony into Pakistan.

Once more Mr. Chairman. Pakistan's destiny cannot be changed. Pakistan's future cannot be changed. This country was created in the name of God, in the name of Allah and it will remain. No act or atrocity committed in such a manner can change the prosperity, change the destiny of Pakistan to be a united Pakistan. Pakistan to be a prosperous Pakistan. Pakistan to be a nation that everybody else looks up to and says this is a proud nation. This is an examplary nation, we want to look after them. Long live Pakistan, Mr. Chairman, long live President Musharraf. Thank you.

Mr. Chairman: Mr. Mohim Khan Baloch.

جناب مہیم خان بلوچ۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اپنے حزب اختلاف میں ایم ایم اے کے دوستوں کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اپنی سابقہ روش یعنی ڈیسک بجانا اور احتجاج کرکے ایوان سے باہر نکلنا ختم کرکے آج ایوان میں بیٹھنے کا فیصلہ کیا ہے اور انہوں نے یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ اس ایوان کے اندر رہتے ہوئے اصلی اور حقیقی 1973 کے

آئین کی شکل کو سامنے رکھتے ہوئے عوامی معاشی مسائل یا سیاسی مسائل کے لئے سیاسی اور جمہوری آواز اٹھاتے رہیں گے۔ یقیناً یہ ایک مثبت آواز ہے ۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے حزب اختلاف کے دوسرے لوگ بھی اس قسم کا فیصلہ کرکے ایوان میں آئیں گے ' کیونکہ ایوان کی اجتماعی آواز تبھی ہوسکتی ہے جب حزب اختلاف اور اقتدار دونوں ایوان میں موجود ہوں تب ہم سمجھیں گے کہ ایوان اب مکمل ہے ۔ جب ایوان مکمل ہوگا تو یقینی طور پر عوامی توقعات پوری ہوں گی جو قانون سازی کے حوالے سے یا عوامی مسائل کے حل ہونے کے حوالے سے ہیں۔

جہاں تک کل کے accident کا سوال ہے' یقینی طور پر یہ خالصتاً ایک دہشت گردی ہے۔ دہشت گردی دنیا کے کسی بھی ملک میں ہو ' وہ اس ملک کے عوام کے اور بنی نوع انسان کے خلاف ایک سازش اور ایک ناگہانی واقعہ ہوتا ہے ۔ اس قسم کے واقعات ہمارے ملک میں ہوتے رہے ہیں ۔ ہم سیاسی دوستوں نے ہمیشہ یہ کوشش کی ہے اور حکومت کو اس طرف متوجہ کیا ہے کہ اس کا سدباب ہونا چاہیے ۔ لیکن آج یہ وہی تسلسل ہے اور ملک کی اہم شخصیت جو مملکت اور فوج کے سربراہ ہیں متواتر گزشتہ چند مہینوں سے ٹارگٹ پر ہیں۔ پہلے کراچی میں ' دس دن پہلے راولپنڈی شہر میں اور اب پھر کل پنڈی میں حملہ ہوا ۔ جب ایسی شخصیت تک نوبت پہنچ چکی ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ایسا دہشت گردی کا ماحول پیدا کرنا پاکستان ' اس کے عوام اور بنی نوع انسان کے وقار کے خلاف سازش ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب اسے seriously لینا چاہیے ۔ یہ تسلسل جو کل تک رہا ہے ' میں سمجھتا ہوں کہ یہ آئندہ بھی ہوگا ۔ نچلے level پر ہو یا high level پر ہو ' میں سمجھتا ہوں کہ یہ تسلسل چلتا رہے گا۔ اس کے سدباب کے لئے ہم سب کو سوچنا ہے۔ ماضی میں جو ہوا سو ہوا ' اب آنے والے دنوں کے لئے ہم سوچیں ۔ یہ نئی قسم کی دہشت گردی ہمارے ملک کی اہم شخصیات اور عوام کے خلاف ہو رہی ہے۔ وہ ہمارے بین الاقوامی تشخص کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں ۔ اس ضمن میں ' میری تین تجاویز ہیں :-

پہلی تجویز میری یہ ہے کہ اس ملک میں political stability ہونی چاہیے۔ اب تک political lacking رہی ہے ۔ ہمارے ملک میں اب تک پارٹی جمہوری کلچر develop نہیں ہوا ۔ جس کی وجہ سے اب تک ہم پارٹیوں کو سیاسی ' اجتماعی سوچ' فکر اور پروگرام کی طرف نہیں لے جا سکے اور نہ ہی اب تک اس طرف توجہ دی جا رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب تمام پارٹیوں کو یہ

سوچ develop کرنی چاہیے۔ پارٹی اور عوامی forums پر اس دہشت گردی کے خلاف ہمیں preach کرنا چاہیے اور ان کے ملک ' عوام اور پارٹیوں کے خلاف جو عزائم ہیں ان کو بے نقاب کرنا چاہیے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کو اس بات کے لئے عوام کو تیار کرنا چاہیے کہ ایسے تمام عناصر کے خلاف سینہ سپر ہوسکیں ۔ ان کے سدباب کے لئے نشاندہی کرنی چاہیے۔ ان کی حرکات کو روکنا چاہیے۔ یہ تمام پارٹیوں کی ذمہ داری بنتی ہے۔ اس ایوان کے اندر ہمیں عوام نے منتخب کرکے بھیجا ہے تاکہ ہم یہاں اس قسم کے فیصلے کریں ' قانون سازی کریں ' تاکہ ایسے منفی اقدامات کا سدباب ہو سکے ۔

نمبر دو یہ کہ اجتماعی طور پر سکیورٹی کے حوالے سے حکومت کا فرض بنتا ہے اور اب تک اس ملک میں security lapse موجود ہے ۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں agencies تو بہت ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ تمام ایجنسیوں نے ایک دوسرے پر نظر رکھی ہوئی ہے اور ایک دوسرے پر ذمہ داریاں ڈالتے پھر رہے ہیں ۔ میری نظر میں یہ ایک دوسرے کا جو انہوں نے سہارا لیا ہوا ہے یہ درست نہیں ہے ۔ اس ضمن میں میری تجویز ہے کہ ایک special task force بننی چاہیے جس کا صرف اور صرف یہ مقصد ہو کہ ایسی منفی سرگرمیوں ' واقعات اور عزائم کا تدارک کرے ۔اور یہی اس کا فرض ہو ۔

نمبر تین میری تجویز یہ ہے کہ ہمارے ملک میں اب تک اجتماعی فیصلے بہت کم ہوئے ہیں ۔ قومی فیصلے ملکی ہوں یا بین الاقوامی ہوں ' اب ان فیصلوں کے لئے ہمارے ایوان موجود ہیں ' منتخب پارلیمنٹ موجود ہے ' ایوان بالا (سینیٹ) موجود ہے ' قومی اسمبلی موجود ہے ۔ میرا مطالبہ ہے کہ وہ تمام فیصلے چاہے قومی ہوں یا بین الاقوامی ہوں ان تمام پر ان ایوانوں میں بحث ہو اور فیصلے کرائے جائیں ۔ ایک بات جو زبان زد عام ہے کہ ہمارے تمام فیصلے شخصیات کرتی ہیں ' یہ منطق ' یہ concept اب ختم ہونا چاہیے ۔ جمہوریت اور پارلیمانی نظام کا تقاضا بھی یہی ہے کہ فیصلے ہمیشہ ایوانوں کے اندر ہونے چاہئیں تاکہ اس قسم کے منفی پراپیگنڈے نہ ہوں ۔ جب اجتماعی فیصلے ہوں گے ' مجموعی فیصلے ہوں گے ' ایوان میں فیصلے ہوں گے تو یقینی طور پر ہم اپنے فیصلوں کا دفاع بھی کر سکیں گے ۔ ظاہری بات ہے کہ اگر فیصلے ایوانوں کے اندر نہیں ہوں گے ' اجتماعی نہیں ہوں گے ' شخصیات کے حوالے سے ہوں گے ۔ شخصیات کے حوالے سے کئے گئے فیصلوں کا

دفاع نہیں کیا جا سکتا۔ بہتر یہی ہے کہ آئندہ کے لئے ہمارے فیصلے ایوانوں کے اندر ہوں اور اجتماعی فیصلے ہوں تاکہ اجتماعی حوالے سے ہم اپنے فیصلوں کا دفاع بھی کر سکیں اور ان پر عملدر آمد بھی کر سکیں۔ انہی الفاظ کے ساتھ ختم کرتا ہوں۔ شکریہ، مہربانی۔

جناب چیئرمین : مسز تنویر خالد ۔

محترمہ تنویر خالد : شکریہ جناب چیئرمین جیسے کہ ہمارے سارے بہن اور بھائی کل کے واقعے کا ذکر کر رہے ہیں جس میں ملک دشمن عناصر نے جناب صدر کو ٹارگٹ کرنے کی کوشش کی تھی لیکن بات وہی ہے کہ جسے خدا رکھے اسے کون چکھے اللہ تعالیٰ نے حفاظت کی اور ایسی calculated scheme. that was very calculated scheme کہ ایک کے بعد دوسری، دو کاروں نے ان سے ٹکرانے کی کوشش کی لیکن اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔ وہاں پر میں نے یہ دیکھا، جو بتایا گیا کہ پولیس والوں نے بھی اپنی وفاداری اور جانثاری کا ثبوت دیا۔ اس میں چار پولیس والوں کی موت بھی واقع ہوئی لیکن انہوں نے اپنی ڈیوٹی بڑی جانثاری کے ساتھ انجام دی۔ انہیں بھی ہمیں سلام کرنا چاہیئے۔ پھر ہمارے وزیراعظم نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ آج کا دن یوم تشکر ہے پوری قوم اس بات میں شامل ہے کہ وہ اللہ کے حضور شکرانہ ادا کرتی ہے، شکر ادا کرتی ہے کہ ہمارے ملک کے saviour کو، ہمارے صدر کو اللہ تعالیٰ نے بچا لیا۔ خدانخواستہ اگر کوئی دوسری کیفیت ہوتی تو اس ملک کی کتنی بدنامی ہوتی، اس کی حکومت کی کتنی بدنامی ہوتی اور پھر یہاں کے باشندوں کی بدنامی ہوتی کیونکہ آخر تو یہ اس ملک کے اندر ہوا ہے۔

میرے ذہن کے اندر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ جو اشخاص اپنی جان دینے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں، suicide attempt کرتے ہیں، اپنی جان دے دیتے ہیں، یہ نہیں پتا کہ کیا وہ بے روزگار تھے، کتنے مجبور تھے، کیا ان کو اپنی بیمار ماں کا علاج کروانا ہے، یہ اپنی بیوی کے علاج کروانے کے لئے مجبور ہیں کہ ان کے پاس پیسے نہیں اور ان کی کوئی رسائی نہیں یا کہ وہ کسی جوان بیٹی کا باپ ہے جسے اس کی شادی بھی کرنی ہے، کھانا بھی دینا ہے۔ آخر کون سی ایسی مجبوریاں ہو جاتی ہیں جب وہ کسی کی جان لینے کے اوپر تلتا ہے اور اتنے بڑے آدمی کی جو کہ ہمارے ملک کا صدر ہو۔ اپنی جان دینا تو شاید زندگی کا مشکل مرحلہ ہوتا ہوگا، جس کے لئے وہ تیار ہو جاتا ہے۔ اس کی کیا مجبوریاں ہوتی ہوں گی۔ خیر جان سے وہ بھی گئے کیونکہ وہ ایک ناجائز

کام کر رہے تھے خواہ وہ مجبوری تھی یا جس طرح سے بھی لیکن یہ جو attempt ہمارے صدر کے اوپر بار بار ہو رہے ہیں، میں سمجھتی ہوں کہ انہوں نے ایک progressive اور روشن خیال ملک کا تصور دیا ہے۔ وہ اس ملک کو اقوام عالم کے ساتھ ترقی دینا چاہتے ہیں۔ ان کے ساتھ مل کر قدم بڑھانا چاہتے ہیں اور enlightened moderation کا ان کا خیال یا سوچ، یا ایک طرح کا نعرہ ہے۔ شاید ہمارے لوگ جو کہ تعلیم یافتہ نہیں ہیں، جو کہ اس نعرے سے متفق نہیں ہیں، جن کو یہ بات گوارا نہیں ہے، وہ اس بات کی مخالفت کرتے ہوں اور یہ بات ان کو ناپسند ہو۔ ویسے by the way میں ذکر کرتی چلوں کہ مجھ ناچیز نے بھی سات سال پہلے forum for enlightening کھولا تھا لیکن میں نے اردو میں اس کا نام رکھا ہے۔ "روشن خیال فورم" So, I am the founder president of that Roshan Khial Forum. اور ہمارے صدر صاحب کی روشن خیالی کو اور enlightenment کو دیکھ کر جس قدر خوشی اور اطمینان ہوتا ہے اس کی نہ کوئی حد ہے، نہ حساب ہے۔ ترقی کی راہ میں روڑے اٹکانا اور کسی کی زندگی یا اپنے صدر کی زندگی پر attempt کرنا تو دہشت گردی اور ملک دشمنی کے کام ہیں۔ جیسا کہ مسلمانوں کے ساتھ اکثر جگہ یہ بات attach ہو گئی ہے اور دہشت گردی اور fanaticism کی طرح کی attachment ان کے ساتھ لگا دی جاتی ہیں، لیکن ہمارے صدر نے تو اسے ہٹانے کے لئے بڑی کوشش کی۔ حالانکہ دوسری جگہوں پر بھی fanaticism ہے، extremism ہے لیکن نہ جانے کیوں غلط طریقے سے اس دنیا میں یہ دو لفظ مسلمانوں کے ساتھ attach کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کو غلط ثابت کرنے کے لئے ہمارے صدر صاحب is a champion. انہوں نے world fora پر بھی یہ بات بتائی کہ اسلام ایک امن پسند مذہب ہے، صلح کن مذہب ہے۔ میں بھی یہ کہتی ہوں کہ اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جس کے اندر حکومتی روایات میں بھی جمہوریت was the first basis اور اس کے اندر جمہوریت کی مثالیں ملتی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے داماد کو nominate نہ کیا بلکہ ایک آزاد موقع دیا کہ اس وقت کے عوام جس کو چاہیں خلیفہ چنیں اور ایسا ہی ہوا۔ لوگوں نے، عوام نے evaluate کیا اور خلیفہ مقرر کئے گئے۔

یہاں پر continuity of progress کے لئے and enlightened moderation کے لئے اور روشن خیالی کے لئے ہمارے صدر کی ہستی کی صحت اور سلامتی نہایت ضروری ہے۔ ہم

خدا کا شکر ادا کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ ہمارا ملک اسی ڈگر پر چلتا رہے اور ہمارے صدر صاحب صحیح و سالم ہمارے صدر رہیں۔

جناب چیئرمین: جناب حمید اللہ جان آفریدی صاحب۔

Mr. Hameedullah Jan Afridi: Thank you very much Mr. Chairman, on behalf of Tribal People I will also strongly condemn this suicidal attack which happened yesterday on President Musharraf

جناب والا! یہ صرف جنرل مشرف کی ذات پر ہی attack نہیں تھا بلکہ پاکستان کو destabilize کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کچھ عرصہ پہلے، جناب والا! آپ کے ذہن میں ہوگا، ہمارے Tribal areas میں کافی major operations conduct کیے گئے۔ Majority of the people اس کے خلاف تھی کیونکہ اس قسم کی کارروائی پہلے کبھی وہاں نہیں ہوئی تھی لیکن present situation کو analyse کیا گیا اور دیکھا گیا کہ یہ اس وقت کی ضرورت تھی۔ اس قسم کے لوگ اور عناصر شاید موجود ہوں جو کہ پاکستان کو بدنام یا destabilize کرنا چاہ رہے ہیں تو ہم نے totally support کیا اس چیز کو اور ان کے ساتھ کھڑے ہو کر وہ operations کروائے۔

جناب چیئرمین! وزیر صاحب نے اپنی صبح والی مختصر سی speech میں وہ سارا کچھ تو بتایا جو ادھر ہوا لیکن ایسی کوئی بات ہمارے سننے میں نہیں آئی کہ اس قسم کی چیزوں کو counter کرنے کے لئے کیا لائحہ عمل اپنایا جا رہا ہے؟ افسوس کی بات تو یہ ہے جناب والا! کہ دوسرا petrol pump جو ہے وہ پولیس کی اپنی property ہے اور ان کی supervision میں وہ business run ہو رہا ہے۔ اگر اس قسم کی کوئی گاڑی آ کے ادھر park ہوتی ہے یا کھڑی ہوتی ہے تو یہ کیسے possible ہے کہ جب President کا route بھی لگا ہو، وہ علاقہ بھی اتنا sensitive ہے، Cantonment بھی ہے تو اس کو لاپرواہی کے علاوہ تو میرا خیال ہے کچھ اور نہیں کہا جا سکتا۔ جناب وزیر صاحب صبح Opposition کی طرف سے suggestions مانگ رہے تھے، تو اگر یہ ان کو control کرنے میں اتنے hopeless ہیں تو ہماری طرف FCR لاگو ہے۔

ہم تو اس کو ظالمانہ ہی کہتے ہیں' black law کہتے ہیں' پھر تو بہتر ہے کہ یہاں FCR لاگو کر دیں۔ وہاں کم سے کم territorial responsibilities پر تو لوگوں کو withheld کیا جاتا ہے۔ کوئی نہ کوئی جواب دہ تو ہو گا کہ یہ territory, یہ jurisdiction, یہ جگہ کس کی ہے اور کون responsible ہے اس کا؟

جناب چیئرمین! جس طرح باقی بہن بھائیوں نے suggest کیا ہے کہ اس چیز کو seriously لینا چاہئے۔ چودہ تاریخ کا بھی واقعہ ہوا۔ سارے ممبران نے افسوس کا اظہار کیا لیکن افسوس یہ ہے کہ ہم بھی ادھر آ کے افسوس کر لیتے ہیں اور پھر دوسرے تیسرے دن بھول گئے ہوتے ہیں اور پھر نئے واقعے کا انتظار کرتے ہیں کہ کب ہوتا ہے۔ اس چیز کو بڑا seriously لینا چاہئے۔ Law and order کا کافی serious مسئلہ ہے۔ اس ملک کے ایک president کے ساتھ اگر ایسا ہو سکتا ہے تو کسی ممبر کی تو پھر کوئی اہمیت ہی نہیں ہے میرے خیال سے یہاں۔ At last, I will not restrain myself from praising the greatness of General Musharraf جنہوں نے اتنے shocking incident کے بعد بھی within few hours OIC delegates کے لئے جو dinner arrange تھا وہ انہوں attend کیا اور یہ ان کی بہادری اور جرأت کا ثبوت ہے۔ Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین: جناب خالد رانجھا۔ نہیں ہیں۔ گلشن سعید صاحبہ۔

مسز گلشن سعید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔ کل صدر پاکستان کی زندگی پر جو تیسرا حملہ ہوا ہے میں اس کے بارے میں کچھ کہنا چاہتی ہوں کہ یہ ان پر حملہ نہیں تھا بلکہ یہ ہماری قوم اور ملک پر حملہ تھا۔ میرا خیال ہے اقوام عالم میں اس سے پاکستان کی عزت کم ہوئی ہے۔ چونکہ صدر صاحب خود دہشت گردی کے خلاف ہیں اور انہوں نے یہ مہم چلائی ہوئی ہے کہ ہمارا ملک نہ دہشت گرد ہے' نہ ہم دہشت گردوں کو پناہ دیتے ہیں اور نہ ہم ان کو پنپنے دیں گے۔ یہ حملے بھی ان پر اسی لئے ہو رہے ہیں کہ دہشت گرد یہی چاہتے ہیں کہ وہ زندہ نہ رہیں۔

پاکستان میں اس وقت سارک کانفرنس ہونے والی ہے تو یہ موقع دیکھ کر اور اس کے بعد جو stability آ گئی ہے ہماری جمہوریت میں' ایم ایم اے کے ساتھ جو ہمارا معاہدہ ہوا ہے' ان

دونوں چیزوں کو دیکھ کر دہشت گرد اتنے تیز ہوگئے ہیں یا اتنی ان میں جرأت آگئی ہے کہ یہ ان کے گھر کے قریب تیسرا حملہ ہے جو کہ انتہائی افسوس ناک ہے۔

کل کے واقعہ میں سولہ لوگ شہید ہوئے ہیں اور چھیالیس زخمی ہوئے ہیں' میں اس سانحے کی بہت زیادہ مذمت کرتی ہوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ افسوس کا اظہار کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو صبر دے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ صدر پاکستان کو خراج تحسین اس لئے پیش کیا جاتا ہے کہ ادھر ان پر حملہ ہوا ہے اور دو تین گھنٹے کے بعد وہ خود ٹی وی پر آئے ہیں کیونکہ ان کے بارے میں بڑی افواہیں تھیں کہ شاید وہ خود بھی زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے بڑی جرأت کا مظاہرہ کیا ہے کہ وہ ٹی وی پر بھی آئے ہیں' لوگوں سے انہوں نے بات بھی کی ہے اور اس کے بعد وہ ایک dinner پر بھی گئے ہیں مگر پھر بھی میں یہ کہوں گی کہ ان کو ایک تو اپنی رہائش گاہ بدل لینی چاہئے for the time being. یہ ہماری suggestion ہے پورے ہاؤس کی طرف سے۔ہم چاہتے ہیں کہ وہ صحیح سلامت رہیں اور ہمارے صدر رہیں۔ جس طرح پاکستان کو انہوں نے protect کیا ہے اور ہمیں صحیح جمہوریت کی راہ پر ڈالا ہے' آج اس ایوان میں جو ہم کھڑے ہیں' یہ سب ان کا دیا ہوا ہے اور وہ progressive پاکستان چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب! میں یہ چاہتی ہوں کہ ہم سب کی آواز ان تک پہنچائی جائے۔ ایک تو ان کو ان کی نئی زندگی پر مبارک دی جائے۔ آئندہ ہم ایسا کچھ سننا نہیں چاہتے۔ آفریدی بھائی نے بالکل ٹھیک کہا کہ ہم سننے کے دو تین دن بعد بھول جاتے ہیں کہ یہ ہوا تھا۔ باقی اسپر ایک کمیٹی بننی چاہئے اور تجاویز دینی چاہئیں کہ صدر صاحب کو اپنی رہائش گاہ بدلنی چاہئے اس علاقے سے اور اس کے علاوہ ان کو دہشت گردوں کے خلاف تھوڑی سختی بھی دکھانی چاہئے کیونکہ آج سے بارہ دن پہلے جو حادثہ ہوا تھا اس میں ابھی تک کسی کو نہیں پکڑا گیا اور اس کے علاوہ میں صدر پاکستان کی ہمت کی داد دیتی ہوں اور ان کو مبارک باد دیتی ہوں کہ وہ صحیح' سچے اور بہادر مسلمان ہیں جنہوں نے یہ کہا ہے کہ جب تک اللہ تعالیٰ نے میری زندگی رکھی ہے اور میں زندہ ہوں تو اس کی وجہ سے ہوں' جس دن اس کو منظور نہیں ہوگا تو شاید میں نہیں ہوں گا۔ یہ بڑی اچھی بات ہے مگر پھر بھی ان کو دہشت گردوں سے نمٹنے کے لئے اب زیادہ tough action لینا پڑے گا کیونکہ تیسرے حملے کے بعد ہمارے پاس بھی اور گورنمنٹ کے پاس بھی

کوئی جواز نہیں رہ جاتا کہ ہم خاموشی سے اس چیز کا تماشا دیکھتے رہیں۔ اگر صدر پاکستان یا وزیر اعظم یا اور بڑی شخصیات، جیسے آپ ہیں، اس ملک میں محفوظ نہ ہوں تو پھر عام لوگوں یا ایم این ایز کا یا سینیٹرز کا کوئی حال نہیں ہے۔ اس پر آپ action لیں اور کمیٹی بنوائیں اور suggestions دیں۔ یہ law and order کا مسئلہ ہے۔

صبح وزیر داخلہ آئے ہوئے تھے اور میں بات کرنا چاہ رہی تھی مگر وہ پرانے مسئلوں میں مصروف تھے۔ خود ان کو بھی احساس ہو گا کہ law and order کی حالت اتنی خراب ہے کہ گھر کے قریب لوگ آکے بم دھماکے بھی کرتے ہیں اور خودکش حملے بھی کرتے ہیں۔ تو میری آپ سے یہی request ہے سارے ہاؤس کی طرف سے کہ ہم اس واقعے کی پر زور مذمت بھی کرتے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ ان کے against action لیا جائے تا کہ ساری قوم دیکھے۔ کل اپوزیشن نے ٹی وی پر آ کر ہماری حکومت کی ناکامی کا دعویٰ کیا ہے کہ حکومت ناکام ہے، یہ لوگ ناکام ہیں، ان کا مطلب تھا کہ خود پرویز مشرف صاحب ناکام ہیں کہ ان پر حملے ہو رہے ہیں۔ اس سے بڑی بات اور کیا ہوسکتی ہے کہ سارے لوگ منہ کھول کر یہ بات کہیں کہ ہم ناکام ہیں۔ میرے خیال میں یہ بڑا افسوسناک واقعہ ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کے بعد اب کوئی برا واقعہ پیش نہ آئے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے پرویز مشرف صاحب کو دوبارہ زندگی بخشی ہے۔ اس کے بعد یہ حادثہ نہیں ہونا چاہیئے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: پروفیسر سعید صدیقی صاحب۔

Prof. Muhammad Saeed Sadique: Mr. Chairman, thank you for giving me opportunity to speak on this occasion and express my concerns over the security of our President. There have been three or four attempts on his life. We thank God that all went collapsed and saved our President's life. We should take this matter seriously. The Minister of Interior this morning made a speech. I would say that it was a formal kind of speech and he didn't suggest any responsibility. Whereas everybody

agreed that there has been a security failure, not only the lapse but the failure. In the very core of the cantonment area near the residence of the President, in the same area where an attempt has been made on his life eleven days earlier. So, within two weeks time such a well planned attempt, they made themselves sure that they would not fail. But Allah Taala saved him and saved Pakistan. We cannot think of any such set back like loosing our President at this time sir. Just a day before, there has been an agreement between MMA and the government and we were thinking we are going towards the political stability. But the whole nation was shocked to get the news of this attempt. The measures should be taken to improve the security of President and all VIPs, particularly Prime Minister, Chairman Senate, Speaker, Senators, Members of Assembly and all othersand also the whole nation because people question that when our President is not safe then who is safe? I hope and I wish Interior Minister to be here to hear our sentiments but through this House, through you Mr. Chairman, we want to convey our concern over all the security matters. Thank you very much.

جناب چیئرمین: مولانا عباس کمیلی صاحب۔

جناب محمد عباس کمیلی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں گفتگو کا آغاز اس شعر سے کروں گا کہ:۔

فانوس بن کے آپ حفاظت ہوا کرے
وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

جناب چیئرمین! Mr. Pervaiz Musharraf صدر پاکستان اس وقت ایک عظیم جہاد بپا کئے

ہوئے ہیں' وہ جہاد جو دہشت گردی کے خلاف ہے ' وہ جہاد جو انتہا پسندی کے خلاف ہے' وہ جہاد جو corruption کے خلاف ہے اور اسی کی پاداش میں ان پر پے در پے حملے ہو رہے ہیں۔ یہ تیسرا حملہ ہے ' دہشت گردوں نے hat trick کر دی ہے اور بارہ دنوں کے span میں یہ دوسرا حملہ ہوا ہے۔ بہت کچھ کہا گیا۔ میں اس میں کچھ اضافہ کرنا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ آج اس مسئلے کو سنجیدگی کے ساتھ لیا جائے۔ اس لئے کہ دہشت گردی جیسا کہ کل وزیر اعظم نے کہا کہ دو' تین سال سے پاکستان میں ہو رہی ہے۔ دو' تین سال سے ہرگز نہیں ہو رہی ہے' پچیس سال سے ہو رہی ہے اور گزشتہ دس برس میں یہ اپنی انتہا کو پہنچی ہے۔ لہذا' اب اس کا انسداد ضروری ہے اور اس وقت ہمیں زبانی مذمت نہیں کرنی ہے جیسا کہ میں نے گزشتہ تقریر میں بھی کہا تھا جس پر میرے ایک ساتھی Opposition سے کچھ برہم ہوئے۔ زبانی جمع خرچ سے بات نہیں بنے گی' ہمیں عملی طور پر سوچنا ہو گا اور اقدامات کرنے ہوں گے۔ یہ مذہبی انتہا پسندی کیا ہے' یہ کیوں ہو رہی ہے؟ ابھی محترمہ تنویر خالد صاحبہ نے کہا' کیا سبب ہے؟ کیا یہ بھوکے ہیں؟ کیا یہ ننگے ہیں؟ کیا ان کے پاس کھانے پینے کو نہیں ہے؟ نہیں' ایسا نہیں ہے' انہیں بھی اپنی جانیں عزیز ہیں لیکن ان دہشت گردوں کی brain poisoning کی گئی ہے' منفی تبلیغ ہوئی ہے' ان کو ثواب کا نظریہ دیا گیا ہے کہ جنہیں وہ مفتی صاحبان کافر قرار دے رہے ہیں اگر آپ انہیں قتل کریں گے تو آپ کو جنت ملے گی۔ یہ جنت بانٹ رہے ہیں' جنت کے certificate دے رہے ہیں۔ لہذا' یہ منفی تبلیغ' یہ brain poisoning جو کی گئی ہے اس کے جواب میں امت کی brain washing کرنی ہو گی۔ دہشت گرد تو یہ چند ہیں لیکن brain poisoning تو لاکھوں کی تعداد میں انسانوں کے ذہنوں کی ہو چکی ہے' پہلی بات۔ دوسری بات 'فتوے دیئے گئے ہیں' فتوے دیئے گئے ہیں کہ فلاں کافر ہے۔ یعنی اب پرویز مشرف صاحب نے واضح طور پر کہہ دیا ہے کہ میں قادیانی نہیں ہوں' میں سنی سید ہوں تو پھر ایک سنی سید پر حملہ کیا معنی رکھتا ہے؟ پھر اس پر کیوں حملہ کر رہے ہیں؟ وہ شیعہ تو نہیں ہے' قادیانی تو نہیں ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہے کہ جو ان کی policies کی تائید نہ کرے وہ واجب القتل ہے۔ جو ان کے ایجنڈے کی تکمیل نہ کرے' وہ واجب القتل ہے۔ جو ان کے ایجنڈے کے خلاف عمل پیرا ہو' وہ واجب القتل ہے۔ تو یہ کیسا دین ہے' یہ کیسا مذہب ہے کہ جس کا یہ نام بھی لیتے ہیں اور جس کی یہ باتیں

کرتے ہیں۔ میں نے پھر کہا کہ اس میں انفرادی فتوے دیئے گئے ہیں، مسجدوں سے دیئے گئے ہیں۔ میں نے مولانا سمیع الحق صاحب کی تقریر بہت غور سے سنی ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ آج فرقہ واریت نہیں ہے، مدارس میں نہیں ہے۔ میں بڑے ادب اور احترام سے کہوں گا کہ اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا جائے۔ آیا آج بھی جمعہ کے خطبوں میں منفی تبلیغ ہو رہی ہے یا نہیں؟ آیا آج بھی پورے ملک میں مختلف مساجد میں جمعہ کے خطبوں میں زہر گھولا جا رہا ہے یا نہیں؟ ایجنسیاں کیا کر رہی ہیں، کہاں ہیں ایجنسیاں؟ وزیر داخلہ صاحب نے ہمیشہ کی طرح سے بہت عمدہ تقریر کی اور پھر وہی باتیں کہ ہم نے fool proof انتظامات کئے ہیں we are taking all those measures. What measures have been taken? بارہ دن میں یہ دوسرا حملہ ہو رہا ہے اور اسی spot پر ہو رہا ہے، انہوں نے کیا measures لئے ہیں۔ اسی route پر دوبارہ حملہ وہ بھی صدر مملکت پر، کسی عام شہری پر نہیں۔ اگر انہوں نے کوئی measures لئے ہوتے تو یہ نہ ہوتا۔ Mr. Chairman, آپ کو یاد ہو گا جب کوئٹہ میں پولیس کے چودہ افراد کا قتل ہوا تھا اور اس وقت اس مسئلے کو اٹھانا چاہا تھا، آپ کے ذریعے سے انہوں نے مجھے یقین دہانی کرائی تھی اور اس وقت بھی یہی جملہ تھا کہ ہم نے fool proof انتظامات کئے ہیں لیکن ایک مہینے کے اندر اندر کوئٹہ میں بدترین دہشت گردی ہوئی اور پچاس سے زیادہ افراد عین حالت نماز میں جب وہ رکوع سے اٹھ کر سجدے میں جا رہے تھے، بھونک دیئے گئے۔ انہوں نے کوئٹہ میں کیا انتظامات کئے؟ اسی طرح سے انہوں کیا انتظامات کئے ہیں؟ یہ زبانی جمع خرچ ہے، اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ میں نے ابھی انفرادی خطبوں کی بات کی۔ میں انسداد چاہتا ہوں۔ میں ایک suggestion دیتا ہوں کہ جو علماء کرام، جو مفتیان کرام اس دہشت گردی کے خلاف ہیں وہ ایک متفقہ فتویٰ جاری کریں کہ یہ دہشت گردی حرام ہے، کسی کا قتل حرام ہے، مسلمان کا قتل حرام ہے اور جو جس فقہ پر ہے پانچوں فقہ میں سے خواہ وہ حنبلی ہو، حنفی ہو، شافعی ہو، مالکی ہو یا جعفری ہو، ان پانچوں فقوں کا پیروکار مسلمان ہے اور اس کا قتل حرام ہے۔ ایسی کامیاب کوشش ہم کراچی میں MQM کے پلیٹ فارم سے کر چکے ہیں، متفقہ فتویٰ پچاس سے زیادہ علماء نے دستخط کر کے جاری کیا ہے اس کو قانونی شکل دی جائے، نظریاتی کونسل اس کی تائید اور توثیق کرے اور پھر اس کی اشاعت کی جائے، اس کو میڈیا سے نشر کیا جائے۔ میں پھر وہیں آ رہا ہوں، میں معذرت کے ساتھ آج

آپ سے کچھ وقت زیادہ لوں گا کیونکہ آج میرے دل میں کچھ درد سوا ہوتا ہے' اس لئے مجھے کچھ اضافی وقت دیا جائے ۔ یہ بڑا سنگین مسئلہ ہے یہ بہت ہی سنگین مسئلہ ہے' اس کو tackle کرنا ہوگا ورنہ یہ ملک نہیں بچ سکتا۔ یہ ملک قائم نہیں رہ سکتا۔

جناب پرویز مشرف اس وقت استحکام پاکستان کی علامت ہیں۔ اگر وہ ہے تو یہ ملک ہے اور اگر پرویز مشرف نہیں رہے گا تو یہ ملک بھی نہیں رہے گا۔یہ آخری کوشش ہوگی ملک بچانے کی۔ He is the saviour of Pakistan اور اس کی جان ہم سب کی جانوں سے زیادہ قیمتی ہے اس لئے کہ اس ایک جان کے تحفظ میں لاکھوں جانیں بچ سکتی ہیں اور اس ایک جان کے جانے سے لاکھوں جانیں چلی جائیں گی۔ اس لئے ان کی حفاظت کی ہرممکن کوشش ہونی چاہیے ۔ آپ کی securities fail ہو چکی ہیں ۔ آپ کی agencies fail ہو چکی ہیں اور میں ایک مدت سے چلا رہا ہوں ۔ مجھے افسوس ہے کہ کچھ نہیں کیا جاتا اور اگر کیا جاتا ہے تو بے گناہ افراد پکڑے جاتے ہیں اور اخبار میں دیا جاتا ہے کہ ہم نے قاتل کو پکڑ لیا ہے ۔ ہم نے فلاں کو پکڑ لیا' اوراس کے چند دنوں بعد انہیں چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں ۔ اصل قاتلوں تک ان کی رسائی نہیں ہو رہی ہے۔

جناب عالی! میں ایک بات اور کہنا چاہتا ہوں ۔جناب بابر غوری صاحب نے بھی بڑی عمدہ بات کی ہے ' بڑا بلیغ اشارہ کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف کیا ہوا تھا ۔ یہ بڑا بلیغ اشارہ تھا۔ میں یہاں بتانا چاہتا ہوں کہ انتہاپسندی نے کہاں سے رواج پایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف بھی انتہا پسند اٹھ کھڑے ہوئے تھے ۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو معاذاللہ خاکم بدہن کافر قرار دیا اور حضرت علی کے خلاف برسرپیکار ہوئے۔ ان کی پیشانیوں پر بھی سجدوں کی وجہ سے گٹے تھے' وہ سال سال بھر روزے رکھتے تھے ۔ راتوں کو جاگ جاگ کر عبادتیں کرتے تھے' حفاظ قرآن تھے اور حضرت علی نے ان کے خلاف قتال کیا اور شدید ترین قتال کیا ' اتنا شدید قتال انہوں نے کفار کے خلاف نہیں کیا تھا ۔ بدر میں اتنا شدید قتال نہیں کیا تھا۔ احد میں نہیں کیا جتنا کہ انہوں نے نہروان کے میدان میں کیا۔ دس ہزار کے لشکر میں سے کل نو کو زندہ چھوڑا اور اس کے بعد کوفے میں مسجد کے ممبر پر انہوں نے کہا کہ میں نے فتنے کی آنکھ پھوڑ دی ہے ۔ آج اس فتنے نے پھر عروج پایا ہے' اس فتنے کے انسداد کی ضرورت ہے ۔ اور

قرآن کہتا ہے کہ فتنہ قتل سے زیادہ شدید ہے ۔ یہ کیسا فتنہ ہے ؟

سب تیرے سوا کافر آخر اس کا مطلب کیا

سر پھرا دے انسان کا ایسا خبط مذہب کیا۔

جو انسان کا سر پھرا دے وہ خبط مذہب ہے ۔ وہ اور کچھ نہیں ہے ۔ اس دہشت گردی نے بڑی جڑیں قائم کرنی ہیں ۔ اس کا انسداد ہر طریقے سے ضروری ہے ۔ تین events ہیں اس ملک میں ۔ ایک' corruption دوسرا sectarianism اور تیسرا terrorism. ان تینوں فتنوں کا انسداد ضروری ہے اور اس کے لئے جیسا کہ ابھی ابھی محترم قائد ایوان وسیم سجاد صاحب نے کہا کہ پوری nation کو کھڑے ہو کر اس کا انسداد کرنا ہے اور اس کے لئے عملی جدوجہد کرنا ہوگی۔ ہم سب کو اپنے آپ کو میدان میں سمجھنا ہوگا' حالت جہاد میں سمجھنا ہوگا اور اصل جہاد یہی ہے کہ فتنے کا انسداد کیا جائے ۔ جب صدر محترم کی جان محفوظ نہیں ہے تو جناب والا! پھر اس ملک میں کس کی جان محفوظ ہو گی؟ جب اسلام آباد محفوظ مقام نہیں ہے تو پھر کون سا شہر اور کون سا گاؤں ہو گا جو اس ملک میں محفوظ ہو گا؟ جناب عالی! میں ایک مسئلے پر آپ کے توسط سے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں کچھ عرض کر چکا ہوں۔ آپ نے بھی letter لکھا۔ وہاں بھی یقین دہانیاں ہوئیں' آج تک کچھ نہیں ہوا' آج تک as it is ہے۔ ابھی ابھی میرے ایک محترم ساتھی نے کہا کہ آپ کے لاجز محفوظ نہیں ہیں۔ وہاں پر سکیورٹی کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ کسی کی جان محفوظ نہیں ہے۔ وہاں کسی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ آج ہی لاجز کے باہر میں نے کچھ مشتبہ افراد کو گھومتے ہوئے دیکھا جن کا ان لاجز سے کوئی تعلق نہیں تھا' جن کا اس اسمبلی سے' سینیٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تو یہ سب کیا ہو رہا ہے؟ اور رہ گئی یہ بات کہ یہ کیوں ہوا؟ تو میرے پاس ایک تحریر ہے ۔ یہ تحریر سینیٹ کے لاجز میں تقسیم کی گئی ہے اور میرے بہت سے ساتھیوں کو ملی ہو گی۔ یہ حزب التحریر کی طرف سے قومی اسمبلی کے ممبران کو کھلا خط ہے۔ خدا کے واسطے اسے پڑھیں۔ اس میں ساری روداد دی ہوئی ہے۔ کیا قصور ہے پرویز مشرف کا؟ وہ کیا کر رہے ہیں؟ یہ بہت طویل ہے' میں اس کو پڑھ نہیں پاؤں گا اور پڑھوں گا تو معلوم نہیں کتنوں کو شکایت ہو گی۔ لیکن انہوں نے اس خط میں تحریر کیا ہے کہ پرویز مشرف صاحب نے یہ' یہ' کام کیے اور اگر LFO کو آئین کا حصہ بنا دیا گیا تو پھر یہ ہمیشہ مسلط رہیں گے۔ یہ امریکہ

کے ایجنڈے پر عمل کر رہے ہیں۔ یہ جو کچھ کر رہے ہیں' امریکہ کے لیے کر رہے ہیں۔ لہذا استدعا یہ کی ہے انہوں نے کہ LFO کو آئین کا حصہ نہیں بننے دینا چاہیئے۔ یہ آپ کا فرض ہے۔ تو گویا انہوں نے جب دیکھا کہ سمجھوتا ہونے جا رہا ہے' اس وقت انہوں نے یہ تحریر تقسیم کی کہ یہ سمجھوتا نہ ہو اور اب جب کہ یہ سمجھوتا ہو چکا ہے تو پھر گویا ان کی آرزوؤں پر' ان کی تمناؤں پر بجلی گری ہے اور انہوں نے بوکھلاہٹ میں یہ عمل کیا ہے۔ تو خدا کے واسطے اس مسئلے کو سنجیدگی کے ساتھ لیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں لیکن نہیں' پھر ایک بار جیسا کہ ابتداء میں قاری صاحب نے تلاوت کی تھی' یہاں پر میں چاہتا ہوں کہ پرویز مشرف صاحب کی بھی کچھ بات کروں کہ انہوں نے صحیح آیت کا انتخاب کیا کہ من یقتل مومن متعمدا فجزاؤھم جھنم۔ جو ایک مومن کو عمداً قتل کرتا ہے' اس کی جزا جہنم ہے۔خالداً فیھا۔ اس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔ اس پر اللہ کا غضب بھی ہے اور اللہ کی لعنت بھی ہے۔ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ جنت میں جائیں گے۔ یہ تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنم میں رہنے والے ہیں اور پھر اسی قرآن نے کہا' جس نے ایک جان کو بچایا اس نے انسانیت کو بچایا' جس نے ایک انسان کو قتل کیا اس نے انسانیت کو قتل کیا۔ میں اس بہادر سپاہی' اس مجاہد' اس پولیس کے اہلکار کو داد دینا چاہتا ہوں کہ جو اپنی جان کھو بیٹھا' اپنی جان کا اس نے نذرانہ پیش کیا اور صدر مملکت کو بچایا۔ اس نے پوری انسایت کو بھی بچایا اور ساتھ ساتھ اس نے شہادت کا جام بھی نوش کیا ہے۔ چار پولیس اہلکار اور دس دوسرے بیگناہ قتل ہوئے ہیں' شہید ہوئے ہیں۔ ان کے لیے بھی معاوضے کا اعلان کیا جائے۔ میں اس منزل پر یہ استدعا بھی کروں گا کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کسی واقعے میں کچھ معاوضہ دیا جاتا ہے' کسی واقعے میں کچھ معاوضہ دیا جاتا ہے اور کہیں صرف ایک لاکھ روپے' وہ بھی بڑی مشکل سے۔ ایک uniform policy ہونی چاہیئے۔جو بھی terrorism کی نذر ہوتا ہے' جس کی بھی جان جاتی ہے کسی بھی واقعے میں کراچی سے لے کر اسلام آباد تک' ان کو ایک ہی سطح پر معاوضہ دیا جائے۔ یہ سب ہمارے شہداء ہیں۔ میں پرویز مشرف صاحب کو بھی خراج عقیدت پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بہادری کا مظاہرہ کیا ہے۔ وہ فوراً ٹیلی ویژن پر آئے اور انہوں نے استقلال کے ساتھ حالات کو برداشت کیا ہے۔ وہ بھی جانتے ہیں کہ ان کی جان داؤ پر ہے اور کیوں ہے؟ ان کا کیا قصور ہے؟ کس لیے ان کی جان کے درپے ہیں؟ اور یہاں پر میں وزیر داخلہ صاحب سے' جن سے میری دو روز

قبل گفتگو ہوئی ہے' اسی کی روشنی میں ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔ اگر یہ سوال ان تک پہنچ سکے کہ کیا ان دہشت گردوں سے مذاکرات کے ذریعے معاملات طے ہو سکتے ہیں؟ کیا دہشت گرد table talk سے باز آ سکتے ہیں؟ نہیں 'دہشت گرد' دہشت گرد ہے۔ اس کا کوئی دین نہیں۔ اس کا کوئی مذہب نہیں۔ اس کا کوئی عقیدہ نہیں۔ اس کا کوئی فقہ نہیں۔ اس کا کوئی فرقہ نہیں۔ اس کے ساتھ مذاکرات نہیں ہو سکتے۔اس کے ساتھ مذاکرات نہیں ہو سکتے۔ اس کا علاج صرف یہ ہے کہ دہشت گردی اور دہشت گردوں کا مکمل طور پر انسداد کیا جائے۔ اگر مٹھی بھر بھی باقی رہ گئے تو یہ ملک کو تباہ کر دیں گے۔ مذاکرات کا سوچنا بھی' خواہ وہ کسی فرقے سے بھی تعلق رکھتے ہوں' بہت بڑی زیادتی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے ساتھ پوری قوم کی دعائیں ہیں' ان کی ماں کی دعائیں ہیں۔ میں یہاں اضافہ کرتے ہوئے کہوں گا کہ جتنے بھی شہید ہوئے ہیں' جتنے بھی شہداء ہیں' ان سب کی دعائیں بھی ان کے ساتھ ہیں۔ یقیناً ہم سب ان کے لئے دعاگو ہیں لیکن جناب چیئرمین صاحب! میں پھر کہوں گا کہ دہشت گردی کا انسداد بہت ضروری ہے اس لئے کہ یہ فتنہ بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ میں پھر repeat کروں گا کہ اگر فتنے کا سدباب نہیں ہوا تو یہ ملک بھی باقی نہیں رہے گا۔ اس ملک کو بچانا ہے تو اس فتنے کا انسداد ضروری ہے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: We have many speakers, many of the members who have desired to speak and they have given their names also. I will request the members to please be to the point and precised. Dr. Khalid Ranjha.

ڈاکٹر خالد رانجھا: جناب چیئرمین صاحب! اس وقت پوری قوم غم و غصے میں ہے۔ میں دو لفظ استعمال کر رہا ہوں۔ غم اور غصہ ۔ یہ دونوں کیفیتیں بہت جائز ہیں۔ ہم سب کو افسوس ہوا ہے۔ ہم سب نے condemn کیا ہے اس واقعہ کو۔ لیکن ساتھ ساتھ میں عکاسی کر رہا ہوں سڑک کی سوچ کی' ساتھ ساتھ غصہ بھی ہے پہلے وقتوں میں دہشت گردی ہوئی کسی گرجا گھر میں' کسی مسجد میں' امام بارگاہ میں' ٹرک میں' کسی منڈی میں' کسی ٹرک کے اڈے پر' آج جو دہشت گردی ہوئی ہے اس کے victim پاکستانی فوج کے سپہ سالار ہیں' چیف آف آرمی

سٹاف ہیں۔ کنٹونمنٹ کا علاقہ ہے اور فوج محافظ ہے۔ اس سے ایک مایوسی پھیلی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک لمحہ فکریہ ہے ۔ It is resulted in loss of confidence. It is a message. اور میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ ہم لوگ من حیث القوم do not act, we only react. ایک دن واقعہ ہوتا ہے اگلے روز بڑی سخت قسم کی security ہو جاتی ہے۔ تین دن رہتی ہے پھر وہ security والے بیٹھ کر اخبار پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔ پھر ایک واقعہ ہو جاتا ہے۔ پھر ہم افسوس کرتے ہیں۔ پھر وہی واقعہ ہو جاتا ہے۔ We only react. میں بڑے ادب سے گزارش کروں گا کہ پاکستان پچھلے ۵، ۶ سال سے دہشت گردی کے نرغے میں ہے۔ آپ کو یاد ہو گا جن واقعات کا کہہ رہے ہیں کہ یہ ہوا ہے چار روز پہلے، ایسا واقعہ ہوا تھا وزیر اعظم کے ساتھ، رائے ونڈ کا پل اڑا تھا جب وزیر اعظم کی گاڑی وہاں سے کوئی ۵۰۰ گز دور جا چکی تھی۔ What did he do? ایسے ہی واقعہ ہوا جب دہشت گردی سے متعلق عدالت کے ایک جج کے ساتھ جب وہ بہاولپور میں عدالت جا رہے تھے، پل اڑایا گیا۔ پل کے ساتھ گاڑی بھی اڑی۔ What did he do? تیسرا واقعہ یہ ہوا ہے جو آپ کے سامنے ہے۔ اسی واقعے نے اپنے آپ کو repeat کیا ہے۔ صرف location بدلی ہے۔ جو وزیر اعظم کا واقعہ تھا وہ وزیر اعظم کے گھر کے قریب ہوا۔ جو صدر مملکت کا واقعہ ہے یا چیف آف آرمی سٹاف کا واقعہ ہے وہ ان کے گھر کے قریب ہوا which means کہ دہشت گرد اتنے قریب جا چکے ہیں کہ آپ کو اندازہ نہیں ہے۔ پر جتنا ہمارا emphasis ہے towards accountability دہشت گردی پر اس سے کہیں زیادہ national emphasis towards anti terrorism. ہونا چاہئے اور میں مختصر بات کروں گا اس کے متعلق کہ ہم مسائل کی بات کریں۔ مسئلہ تو ہے ہی، حل کی بات کریں، اس ایوان میں سوچیں کہ اس کا حل کیا ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے نزدیک اس کا حل ایک سسٹم ہے۔ واقعات ہوتے رہتے ہیں، issue کیا ہے؟ اس کی repercussions کیا ہیں۔ میں کہہ رہا تھا کہ پوری قوم خوف میں مبتلا ہو گئی ہے کیوں کہ they have no faith in the system. اس وقت میں بڑے ادب سے کہوں گا، وسیم سجاد صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ان کی وساطت سے کہوں گا کہ سب سے پہلے جو ادارہ ہے intelligence کا that needs to be revamped. اگر مسئلہ ہو دفعہ 302 کا تو میں بتا دوں جو لوگ بھی اس سے تعلق رکھتے ہیں they must re-think about the

ہم لوگ سپاہی کھڑا کرتے ہیں' جہاں intelligence services. ہے invisible intelligence وہاں بھی تو کام چلتا ہے۔ ایک nut bolt مل جاتا ہے وہاں سے وہ تفتیش کر لیتے ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ we must revamp our intelligence service, both civil and military services need to be revamped, restructured, rethought, re-educated. Thats one. Number two is investigation. آپ نے دیکھا ہے کہ کل یہاں بحث ہو رہی تھی تو ہم کہہ رہے تھے کہ یہ کس نے کیا ہے۔ ہماری سوچ بڑی" گویڑی" سوچ ہے۔ جیسے گاؤں میں بھینس چوری ہو جاتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ" کنے چوری کیتی اے۔ گویڑ نیاؤ جی مولوی چوری کر لئی ہونی" تو ہم پہلے شروع کرتے ہیں کہ کس نے کیا ہوگا۔ That is not the mechanism of investigation. یہ" گویڑی" سوچ جو ہے ہم آج اسی کو اپنائے ہوئے ہیں کہ اندازہ لگاؤ' سوچو' کون ہو سکتا ہے۔ it may be relevant but investigation. اس میں ہمیں investigate کرنا چاہئے' اس کو improve کرنا چاہئے تاکہ is investigation لوگوں کو پتہ ہو کہ تفتیشی نظام ایسا ہے کہ یہ trace ہو جائے گا۔ اور چوتھا نظام chopping off is no answer, "بندہ پھڑو کھیں کر دیو" ۔ That is not the answer,do we have the faith in the system. ہم نے انسداد دہشت گردی عدالتیں بنائیں۔ آپ گورنر تھے تو آپ کو پتا ہے کہ وکیل وکالت کرنے سے ڈرتا تھا prosecutor, prosecutes کرنے سے ڈرتا تھا۔ جج مقدمہ سننے سے ڈرتا تھا یا ڈرتا ہے۔ ہم عدالتوں سے لے کر جیل میں لے گئے پھر بھی trial نہیں ہوتے ۔ تفتیشی نقاب پہن کر تفتیش کرتا تھا اورتفتیشی نقاب پہن کر ملزم کو ایک سے دوسری جگہ لے کر جاتا تھا تو whole system was in the grip of fear by a system, they made justice یہ اٹلی میں ہوا۔ انہوں نے اس پر قابو پایا syndrome. courts, they gave total protection to witnesses and so on and so for. ہمیں We must bring the chief justices بھی اس پر سوچنا چاہئے' اس پر تصرف ہونا چاہئے۔ on board in this, میں یہ نہیں کہہ رہا کہ سب کو سزائیں دے دو لیکن سب کو یہ پتہ ہو کہ عدالت میں جب case شروع ہوگا تو یہ ختم بھی ہوگا' یہ سنا جائے گا اور اس پر تاریخ نہیں پڑے گی۔ It must be an on going system. میری آپ سے گزارش یہ ہے کہ ان تینوں

پہلوؤں پر and totally averse. courts are more visible. any thing else پہلے یہ بتائیں کہ ہاں جی یہ عدالتیں جو ہیں کہ anti- terrorists courts are also rational courts. they send a message, there are flag staff in this regard, please and they are a symbol of fear for these terrorists اس پر میری آپ سے گزارش یہ ہے کہ ان تینوں areas کو as a revolutionary mechanism ہمیں سوچنا چاہئے تب ان کا تدارک ہو گا اور میں سمجھتا ہوں کہ بہت حد تک ہم اس پر قابو پالیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس موضوع پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔ یہ دن ہم سب کے لئے غوروفکر، تشویش، پریشانی اور تدبر کا دن ہے ۔ 14 دسمبر کو جو واقعہ ہوا تھا، آپ کو یاد ہوگا، میں نے اور میرے رفقاء نے اور پورے ایوان نے اس پر اپنے جذبات کا اظہار کیا تھا۔ اس کی بھرپور مذمت کی، اسے اس ملک کے لئے ایک خطرناک رجحان قرار دیا۔ ہمیں بڑا دکھ ہے کہ گیارہ دن کے بعد، اسی علاقے میں، اس سے زیادہ grave نوعیت کا ایک اور واقعہ رونما ہوتا ہے ۔ بلاشبہ ہم سب ایک زبان ہو کر اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ وہ operation کامیاب نہیں ہوا ۔لیکن یہ وقت ہے اس بات پر غور کرنے کا کہ ایسے واقعات کیوں رونما ہو رہے ہیں؟ ان کا مقابلہ کرنے کے لئے ہماری حکمت عملی کیا ہونی چاہیے اور یہ واقعات قوم کے پالیسی سازوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں ۔ میں اپنے ساتھیوں کی اس بات سے پوری طرح اتفاق کرتا ہوں کہ ہماری نگاہ میں یہ واقعہ ایک serious security lapse ہے ۔اس پر پردہ ڈالنا صحیح نہیں ہوگا۔ بلاشبہ جنرل صاحب نے جس طرح جرأت سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے، ان کو یہی کرنا اور کہنا چاہئے لیکن ان کے یہ سب کچھ کہہ دینے سے زیادہ فرق نہیں پڑتا۔ ہمیں اعتراف کرنا چاہئے کہ ہمارا security system کمزور ہے، غیر مؤثر ہے اور اس میں جس نوعیت کی re-organisation کی ضرورت ہے، شاید اس کا ابھی تک شعور بھی نہیں ہے۔

آپ کے علم میں ہے کہ صدر کی حفاظت کی ذمہ داری سول نظام کی ہے ' پولیس کی ہے اور Ministry of Interior کی ہے اور چیف آف سٹاف کے تحفظ کی ذمہ داری فوج کی ہے ۔ اور یہ اصول ہے کہ فوج کے جس area اور جس command structure کے اندر چیف آف سٹاف کبھی جائے گا یا ہوگا ' وہاں کی security کے وہ ذمہ دار ہیں ۔ گویا کہ جنرل صاحب کی حفاظت کے لئے دو processes ہیں۔ ایک پولیس کا اور ایک فوج کا ۔ کیا وجہ ہے کہ یہ دونوں غیر مؤثر ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ intelligence نام ہی اس بات کا ہے کہ ایسے واقعات کے رونما ہونے سے پہلے ان کی سن گن لی جائے ' خدشات کا اندازہ کیا جائے تاکہ واقعات کے رونما ہونے سے پہلے ان کا تدارک کیا جا سکے۔ intelligence کا مقصد ہی یہ ہے ۔ محض بعد میں واویلا نہیں ۔ لیکن ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ intelligence کا نظام روزبروز کمزور ہوتا جارہاہے ۔ Co-ordination نہیں ہے بلکہ میں یہاں تک کہوں گا کہ misdirected and misguidedہے ۔ مجھے یہ بات کہنے میں کوئی باک نہیں ہے ۔ میں ایک نہیں بلکہ دنیا کے 50/60 ممالک میں خود گیا ہوں' میں نے وہاں کے حالات کو دیکھا ہے' دنیا میں security کے لئے کہیں بھی وہ ڈھول ڈھمکا نہیں کیا جاتا جو ہمارے ہاں کیا جاتا ہے ۔تین گھنٹے پہلے راستے بند ہوتے ہیں۔ ہزاروں policemen جنہیں اپنے اپنے علاقے میں عوام کی security کے لئے ' law and order کے لئے ڈیوٹی انجام دینی چاہیے ' وہاں پر کھڑے ہوئے انتظار کرتے ہیں' اونگھتے ہیں اور ہر ایک کو بتا رہے ہوتے ہیں کہ یہاں کوئی آنے والا ہے ۔میں نے دنیا میں یہ کہیں نہیں دیکھا۔ ٹھیک ہے' سیکورٹی کے انتظامات بہت ضروری ہیں لیکن اس کے لئے ہزاروں افراد کو اس طریقے سے ان کے فرائض سے فارغ کردینا اور پھر بھی نتائج کے اعتبار سے security کا حاصل نہ ہونا' میں نے یہ کہیں نہیں دیکھا۔ اس کا تقاضا ہے کہ intelligence اور جو نظام ہم نے بنایا ہے اسے مکمل طور پر review کرنے کی ضرورت ہے ۔ حکومت کی طرف سے میرے جن ساتھیوں نے یہ بات کہی ہے کہ intelligence کے نظام کو critically examine کرنے' revamp کرنے اور re-organize کرنے کی ضرورت ہے' انہوں نے یہ ایک بڑی سچی بات کہی ہے۔ میں اس کی تائید بھی کرتا ہوں اور دعوت دیتا ہوں حکومت کو اور دوسرے ذمہ داروں کو کہ پورے معاملہ کا critically جائزہ لیں اور اسے priority دے کر اس معاملے کی فوری

فکر کریں۔

دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دہشت گردی اپنی ہر شکل میں ،خواہ وہ فرد کی طرف سے ہو ، خواہ کسی گروہ کی طرف سے ہو ، خواہ کسی حکومت کی طرف سے ہو ، انسانیت کے خلاف ایک ظلم ہے ، ایک crime ہے ، ایک جرم ہے اور اس کا تدارک ہونا چاہیے۔ اس پر کوئی compromise نہیں ہو سکتا۔ میں نے پہلے بھی کہا ہے اور پھر کہتا ہوں کہ اس کا کوئی جواز تلاش کرنا صحیح نہیں ہے۔اس بات کے برملا اظہار کے بعد میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ وہ معاشرے جن میں انصاف نہ ہو، جن میں آزادی نہ ہو ،جن میں سیاسی process کو کام کرنے کا پورا پورا موقع نہ ملے وہاں دہشت گردی جنم لیتی ہے ، پروان چڑھتی ہے اور نت نئے نتائج نکال کر دکھاتی ہے ۔ہمیں اس کے اسباب کی طرف بھی جانا چاہیے۔ ایک واقعے کی نہیں ،بحیثیت مجموعی ملک کی تمام صورت حال کو سامنے رکھنا ہو گا۔

جو چیز میرے ایک عزیز ساتھی نے ابھی کہی ہے میں اس کی بھی تائید کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کا انصاف، آپ کا نظام ، اس کے لیے جو protection درکار ہے اور اس کے لیے جو processes---- خصوصیت سے جلد انصاف کا فراہم ہونا اور یہ معلوم ہونا کہ جس نے بھی جرم کیا ہے وہ بچ نہیں سکتا یہ سب بے حد ضروری ہیں۔ آج وہ عالم ہے اور اس کی کچھ مثالیں معزز سینیٹر نے دی ہیں، صرف حالیہ مثالیں دی ہیں ،میں کہتا ہوں کہ ذرا اور پیچھے جائیے ۔Orient Airways کا حادثہ وہ پہلا واقعہ تھا جس نے آپ کی فوجی لیڈر شپ کو ختم کر دیا۔ کوئی انکوائری ہوئی ؟ کوئی مجرم پکڑا گیا؟ کسی کو سزا دی گئی ؟ آپ کا پہلا Prime Minister کس طرح شہید کیا جاتا ہے ۔لیکن کوئی مجرم نہیں پکڑا گیا۔ کسی کو سزا نہیں دی گئی بلکہ جو پولیس آفیسر اس وقت ڈیوٹی پر تھے وہ ترقی پا کر I.G ہی نہیں بلکہ Governor تک بن گئے ۔ تو یہ بڑی لمبی تاریخ ہے اور ہمیں ان تمام چیزوں کے حل کے لئے تعصب ، سیاسی جانبداری ، party affiliation سے بلند ہو کر اس ملک کی خاطر ، اس ریاست کی خاطر ، اس نظام کی خاطر غور کرنا ہو گا ۔ جب تک آپ یہ کام نہیں کریں گے آپ اس ملک سے دہشت گردی کو دور نہیں کر سکتے۔ میں ایک جملے میں کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ انصاف دیں گے تو دہشت گردی ختم ہو گی اور اگر انصاف نہیں ہو گا تو نا انصافی اور ظلم ہزار راستوں سے اس ملک کو کمزور اور خدانخواستہ تباہ کرے گا۔یہی بات مجھے اس طرف لے

کر آئی تھی کہ دراصل ملک کے پورے نظام پر غور کرنے کی ضرورت ہے اور میں آج اس forum پر یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ ایک سال کی مسلسل جدوجہد کے بعد اب حکومت اور ایم ایم اے کے درمیان جو معاہدہ ہوا ہے وہ کوئی ideal چیز نہیں ہے اور جب bill آئے گا تو ہم انشاء اللہ اپنے خیالات کا اس پر کھل کر اظہار کریں گے۔ لیکن میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری اول کوشش یہ تھی اور ہے اور رہے گی کہ اس ملک میں نظام درست ہو، ہم دوبارہ گاڑی کو پٹڑی پر لے کر آئے ہیں، اس کی speed, اس کی sophistication یہ سب انشاء اللہ بعد کی باتیں ہیں لیکن پہلی چیز یہ ہے کہ ہم نظام کی طرف آئیں اور جب تک نظام درست نہیں ہوتا، جب تک ہر شخص اپنی حدود کا احترام نہیں کرتا وہ ملک اور معاشرہ کبھی ترقی نہیں کر سکتا۔ جہاں دستور کو توڑنا، دستور سے مذاق کرنا، قانون کو توڑنا وقت کی ریت بن گیا ہو نیز جب یہ چیز بار بار ہوگی تو پھر اس کی قیمت پوری قوم کو ادا کرنا ہوگی۔ ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ ٹھیک ہے کہ deviations ہوئے لیکن ان deviations کی بھی اصلاح اس طرح ہو کہ جس سے کم از کم ایک دستوری، جمہوری، پارلیمانی نظام، parliament کی sovereignty اور قانون کی حکمرانی بحال ہو جائے۔ اسی لیے ہم نے کسی quid pro quo کے بغیر محض اصول کی خاطر اور اس ملک کو جمہوریت کے راستے پر ڈالنے اور آگے بڑھانے کے لیے اور جس کش مکش میں پارلیمنٹ ایک سال تک مبتلا رہی، اسے نکالنے کے لیے کوشش کی ہے اور میری دعا ہے کہ خدا کرے کہ ہم آخری وقت تک اس مرحلے کو پورا کر لیں۔ لیکن جو بات میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایک بڑا گہرا تعلق LFO کا، دستور کو توڑنے کا، قانون کی خلاف ورزی کرنے کا اور اس type کے واقعہ میں ہے۔ جب تک ادارے مستحکم نہیں ہونگے بات نہیں بنے گی کیونکہ کسی ملک میں استحکام محض فرد کے ذریعے حاصل نہیں ہوتا۔ افراد کی بڑی اہمیت ہے اور تاریخ میں افراد کا بڑا کردار رہا ہے۔ قوموں کی زندگی میں افراد کا بڑا کردار ہے لیکن استحکام قوموں میں صرف اداروں سے آتا ہے۔ میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ اہم فرد اور کون ہو سکتا ہے لیکن جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو کیفیت یہ تھی کہ مسلمان پریشانی میں مبتلا تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسا انسان کہتا ہے کہ اگر کوئی یہ کہے گا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے ہیں تو وہ سر قلم کر دیں گے لیکن حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور صلی

اللہ علیہ وسلم وصال فرما گئے ہیں' انہیں آخر ایک دن اللہ تعالیٰ کے پاس جانا تھا۔ اللہ تعالیٰ حی و قیوم ہیں اور جو دعوت' جو پیغام' جو نظام انہوں نے ہم کو دیا ہے وہ ہے اصل چیز' اس سے استحکام حاصل ہوتا ہے۔ حضورصلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علیکم بسنتی و سنت خلفائے راشدین۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ "میں ہوں گا یا نہیں ہوں گا لیکن میری سنت اور میری سنت پر چلنے والے ادارے خلفائے راشدہ ہوں گے اور ان کا اتباع تمہارے لئے نجات اور کامیابی کا راستہ ہے۔" یہ وہ چیز ہے جس سے استحکام حاصل ہو سکتا ہے ۔ یہ تو ہماری روایت ہے میں کہتا ہوں کہ فرانس کے prime minister کلے مین شو (Clemenchu) کو جب پہلی جنگ میں کامیابی حاصل ہوئی تو اس کے بعد بہت بڑا جشن منعقد ہوا اور اس میں کسی نے اس سے کہا کہ Mr. Prime Minister. you are inevitable for France تو اس نے مسکرا کر کہا کہ "My friend! the grave yard is full of inevitable persons." معلوم ہوا کہ استحکام اداروں سے آتا ہے صرف افراد سے نہیں۔ اسی طرح میں ونسٹن چرچل کا واقعہ آپ کو یاد دلاؤں کہ جب دوسری جنگ کے زمانے میں چرچل سے کہا گیا کہ تم جنگ میں کامیابی کے لئے اتنے confident کیسے ہو' شہر کے شہر تباہ ہو رہے ہیں' گولے برس رہے ہیں حتیٰ کہ پارلیمنٹ پر بمباری ہوئی ہے' پھر تمہارے اعتماد کی بنیاد کیا ہے تو اس نے کہا کہ جس وقت تک اس ملک میں عدالتیں انصاف دے رہی ہیں' ہمیں کوئی شکست نہیں دے سکتا۔ جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ استحکام افراد سے نہیں' اداروں سے حاصل ہوتا ہے۔ آئیے! اداروں کو بنانے کی فکر کریں' قانون کا احترام کریں' ہر سطح پر کریں۔ اگر اوپر والے قانون کو توڑیں گے تو نیچے والے بھی توڑیں گے۔ اور اگر اوپر والے قانون کا احترام کریں گے تو سب قانون کا احترام کریں گے ۔ یہ راستہ ہے اس ملک میں استحکام کو لانے کا' اس سے ملک سے تشدد دور کرنے کا' اس ملک سے لاقانونیت دور کرنے کا۔ ہم سب مل کر اس کے لئے کوشش کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم ایک اچھی beginning کی کوشش کر رہے ہیں ۔ خدا کرے کہ یہ کامیاب ہو۔ اس میں اپوزیشن اور حکومت دونوں کو سمجھداری رواداری' اصول پرستی' حق پر قائم رہنا' انتہا پسندی نہیں ہے' پسپائی کے معنی flexibility نہیں ہے 'اصول پر استحکام ہونا چاہیئے لیکن اصول کے ساتھ ساتھ حقیقت پسندی' تدبیر منزل اور جو اصل حقائق ہیں ان کو سامنے رکھ کر راستہ نکالنا ہوگا اور یہ چیز کہ

جس پر اتفاق ہو اسے آیئے ! ہم مل کر پورا کریں، جہاں اختلاف ہو، وہاں اختلاف کا ہم احترام کریں تاکہ personal انداز میں ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچنے اور گرانے کی کوشش نہ ہو ۔ یہ وہ طریقہ ہے جس سے ہم اس ملک میں بگاڑ کو اصلاح کی طرف لے جا سکیں گے اور جس امتحان میں آج پاکستان بلکہ میں کہوں گا امت مسلمہ مبتلا ہے اس سے نکلنے کا یہ راستہ ہے۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں ایک بار پھر اس واقعہ کی مذمت کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ پاکستان کو دہشت گردی کے ہر فتنے سے محفوظ رکھے اور اس بات کی بھی دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کی قیادت کو اس بات کی توفیق دے کہ وہ ان واقعات کو محض سرسری طور پر نظر انداز نہ کر دے بلکہ جس قسم کی اصلاح کی بھی ضرورت ہے اس کی فکر کریں اصل ضرورت نظام کی اصلاح کی ہے، ہمیں ایسا معاشرہ قائم کرنا ہے جس میں قانون اور دستور کی پابندی جائے اور جس میں ملک کی سیاسی فضا افہام وتفہیم کی طرف ، compromise and understanding کی طرف ، مل جل کر معاملات کو طے کرنے کی طرف لے جانے کی ہو اور جہاں سب سے بڑھ کر حق اور انصاف کا بول بالا ہو۔ اگر حق اور انصاف کو نظر انداز کیا گیا تو پھر کبھی خیر رونما نہیں ہوگا لیکن اگر ہم نے حق اور انصاف کا دامن تھاما تو انشاء اللہ تمام مشکلات کے باوجود اور دشمنوں کی ہر کوشش اور سازش کے باوجود، ہمارے قدم آگے بڑھیں گے۔ واللہ المستعان، جناب چیئرمین! میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین۔ طاہرہ لطیف صاحبہ۔

محترمہ طاہرہ لطیف۔ جناب چیئرمین! میں تہہ دل سے آپ کی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا ۔ آج صبح اپوزیشن کے لوگوں کی وجہ سے ایوان میں تھوڑی سی رونق تھی اور اپوزیشن کی میری جو بہنیں بیٹھی ہوئی ہیں، میں ان کی بھی مشکور ہوں اور میں اپوزیشن کے تمام لوگوں کی مشکور ہوں گی اگر وہ سب آ کر بیٹھیں، بے شک وہ strong ہوں، بے شک وہ criticize کریں لیکن وہ ایوان میں آ کر ضرور بیٹھیں ۔

دوسری بات یہ ہے کہ کل جو صدر صاحب پر تیسرا حملہ ہوا ہے اس کی میں پرزور مذمت

کرتی ہوں ۔ یہ خودکش حملہ تھا ۔ پہلے یہ خودکش حملے ہم باہر کے ملکوں میں سنتے تھے لیکن اب یہ پاکستان تک بھی پہنچ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس انسان کی حفاظت کرے اس کا کوئی بال بیکا بھی نہیں کر سکتا۔ توخدا پاک کی خاص رحمت ہے صدر صاحب پر جو ہمارے بہادر جرنیل ہیں ۔ جب میں نے اپنے بہادر جرنیل کو ' بہادر صدر صاحب کو ئی وی پر بولتے ہوئے سنا تو ہمارے حوصلے بھی بڑھ گئے۔ ہم ان کی بہنیں کل بہت زیادہ touchy تھیں۔ یہ پہلا موقع ہے کہ صدر صاحب نے عورتوں کا مقام دنیا میں بہت بلند کردیا ہوا ہے ' ہماری بہت عزت ہوئی ہے اور ہم لوگوں کو آگے بڑھ کر کام کرنے کا موقع ملا ہے ۔ ایسا کچھ نظر آ رہا ہے کہ یہ سب صدر مشرف صاحب کی وجہ سے ہی ہے ۔ اللہ صدر کو لمبی زندگی دے ۔ ہماری صدر صاحب کے لئے بہت دعائیں ہیں اور دلی دکھ بھی ہے کہ اتنے بہادر' نڈر جرنیل کے پیچھے لوگ کیوں پڑ گئے ہیں ؟

آج ہم سب خواتین مل کر قرآن خوانی بھی مسلم لیگ ہاؤس میں کر رہی ہیں۔ میں تمام بہنوں کو اس میں شامل ہونے کی دعوت دیتی ہوں۔ کل ہم لوگ مسلم لیگ ہاؤس میں قائد اعظم کی ولادت کا جشن منا رہے تھے تو یہ ایک بری خبر سنی۔ اسی وقت دعا کے بعد اس کو ختم کر دیا گیا۔ میں سب خواتین کو قرآن خوانی میں شمولیت کی دعوت دیتی ہوں ۔ آپ کا جناب چیئرمین ! بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔

جناب چیئرمین: مسز کلثوم پروین صاحبہ۔

مسز کلثوم پروین: جناب چیئرمین! آج جمعہ کا مبارک دن ہے اور اس دن یوم تشکر منانا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کے سربراہ ہمارے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف صاحب کو ایک دفعہ اور زندگی بخشی۔ میں آج اس ایوان میں کل کے واقعہ کو شرمناک' خوفناک' دردناک اور ناپاک کہوں گی ۔ شرمناک اسلئے کہ بارہ دن میں ان کے گھر کے قریب یہ دوسرا واقعہ ہے ۔ دردناک اس لئے کہ بے گناہ لوگ شہید ہوگئے۔ وہ لوگ جنہوں نے ان پر دیوانہ وار اپنی جان نثار کر دی۔ خوفناک اس لئے کہ انہوں نے ایک دفعہ اور زندگی اور موت کے ساتھ آنکھ مچولی کھیلی۔ زندگی جیت گئی اور موت ہار گئی۔ ناپاک اس لئے کہ جو لوگ ایسے ارادے رکھتے ہیں وہ یقیناً ناپاک لوگ ہیں۔

جناب والا! میں اس واقعہ کی پرزور مذمت کرتی ہوں۔ہم یہ الزام نہ ایجنسیوں کو دیں، نہ پولیس کو دیں، نہ ان لوگوں کو دیں جو ان کے ساتھ تھے بلکہ ہمیں خود اپنا محاسبہ کرنا چاہیے کہ ہمارا اس میں کیا کردار ہوسکتا ہے تاکہ ایسا واقعہ خدا نہ کرے دوبارہ ہو ۔ صدر مملکت صاحب نے کل فرمایا کہ میرے ساتھ ماں کی دعائیں ہیں۔ انہیں میرا خیال ہے کچھ لفظوں کا اضافہ کردینا چاہیے، ماں کے ساتھ ساتھ ہم بہنوں کی بھی دعائیں شامل تھیں جو اللہ تعالیٰ نے دوبارہ زندگی بخشی۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کو ان کی زندگی منظور تھی اور ایک اور کام لینا تھا۔ابھی ہمیں ایک جانباز کی ضرورت ہے۔

موت برحق ہے اور ہر ذی روح پر ضرور آئے گی ، مگر اس کا ایک وقت مقرر ہے۔ویسے بھی وہ ایک بہادر جرنیل ہیں۔ہمیشہ انہوں نے موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کیا ہے اور سینے پر گولیاں کھائی ہیں۔لہذا موت سے ڈرنے کی کوئی بات نہیں، مگر کل کا واقعہ خدانخواستہ، خدانخواستہ کوئی ایسا واقعہ ہو جاتا تو آج ہمارے پیارے ملک کا کیا حال ہوتا؟ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں نہ دین کی پرواہ ہے، نہ دنیا کی پرواہ ہے ، نہ ان کا کوئی مذہب ہے۔یہ لوگ صرف اور صرف اپنے مطلب کے لئے، اپنے ارادوں کی تکمیل کے لئے یہ سب کچھ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس ایوان میں اتنا کچھ اور اچھا کہا گیا ہے کہ شاید مزید کچھ کہنے کی ضرورت بھی نہیں رہی ہے۔خاص کر عباس کمیلی صاحب کی تقریر تو یقین مانیں کہ رونگٹے کھڑے کر دینے والی تھی۔ اگر یہ تھوڑی دیر اور floor پر رہتے تو میرا خیال ہے میں خود رونا شروع کردیتی۔اللہ تعالیٰ ان کو زندگی دے اور آج جمعہ کے دن کو یوم تشکر کے طور پر منانا چاہیے اس واقعہ کی جہاں تمام لوگوں نے مذمت کی ہے ، اس ایوان میں ہم خواتین، ان کی بہنیں بھی پرزور مذمت کرتی ہیں۔ ایسے واقعات ملک میں نہیں ہونے چاہییں اور خاص کر ملک کے صدر ، وزیراعظم اور ہمارے چیئرمین کی جانوں کی حفاظت بہت ضروری ہے ۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی حفظ و امان میں رکھے ۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سید دلاور عباس ۔

سید دلاور عباس : شکریہ جناب چیئرمین۔ میں اتنی لمبی تقریر کر بھی نہیں سکوں گا۔

اتنی مدلل تقاریر جناب عباس کمیلی اور پروفیسر خورشید صاحب نے کہیں' انہوں نے بہت ساری چیزیں sum up کردیں جو اس واقعہ کو سامنے رکھتے ہوئے ہمارے اس ہاؤس کے لئے بہت ہی زیادہ اہمیت کی حامل رہیں۔ میں تو یہ کہوں گا کہ

تندی باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لئے۔

پرویز مشرف ہمارے صدر نے اپنی زندگی کو اس شعر میں sum up کیا ہوا ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کوئی بات نہیں جب انہوں نے کل یہ کہا کہ ایسی چیزیں اور ایسے خوف اور ایسے ڈر میرے راستے کو روک نہیں سکتے۔ میں اس سیکورٹی lapse اور سیکورٹی ایجنسی کی performance پر چھوٹا سا واقعہ بتاتا ہوں کہ میں اور چوہدری شجاعت صاحب ڈیڑھ مہینے پہلے جرمنی میں تھے۔ اکثر جب واک کرتے تھے تو وہ مجھے کہتے کہ شاہ صاحب! آپ نے کہیں جرمن پولیس دیکھی؟ وہ شہر اسلام آباد جتنا بڑا تھا' میں نے کہا کہ شجاعت کہیں نظر تو نہیں آتی۔ جس دن ان کا آپریشن ہوا تو یورپ سے' دوسرے ممالک سے ان کے چاہنے والے پہنچ گئے وہاں پر' ناروے' فرانس' جرمنی' سویڈن' لندن وغیرہ سے۔ تو پولیس والے دوسرے دن ہی رات کو اس ہسپتال میں آگئے۔ انہوں نے کہا کہ یہاں پر مختلف ممالک کی گاڑیاں آگئی ہیں اور اس ہسپتال کی طرف آرہی ہیں۔ یہاں پر کون ہے؟ تو ان کو بتایا گیا کہ یہاں پر پاکستان کا ایک politician ہے اس کی سرجری ہوئی ہے' اس لئے یہ لوگ آرہے ہیں۔ تو پولیس نظر نہیں آئی لیکن

when it was needed, they were right there to point out and to check what strange situation یہ was happening in that city which was like Islamabad.

ہے کہ پچاس سال کے بعد بھی ہماری ایجنسیاں اس طرح اپنے آپ کو organised نہیں کر سکیں نہ وہ اس level پر پہنچ سکیں جہاں پر وہ pin point کریں ایسے شرپسند عناصر اور ان فتنہ پرستوں کو جنہوں نے ہمیشہ سے پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کیا۔ میں کل کے واقعے کی پرزور مذمت کرتا ہوں اور اپنے اس ہاؤس کی طرف سے ان خاندانوں کے ساتھ ان کے دکھ میں شریک ہوں جن کے کچھ لوگ زخمی ہیں اور جو بیچارے شہید کر دیئے گئے اور شہید ہوئے ہیں۔ ان کے لئے ہم سب نے مل کر دعا بھی کی ہے اور ہم چاہتے ہیں' جیسے کہ suggestions آئی ہیں اور عباس کمیلی صاحب نے کہا ہے کہ compensation اس level پر ہونی چاہیئے کہ ان کا جو

پیچھے خاندان ہے' جو اس کے لوگ ہیں وہ ان کو اچھی طرح سنبھال سکیں اور دیکھ سکیں۔

جناب چیئرمین! ایک اور چیز جس کی طرف توجہ دلانے کی ضرورت ہے کہ بار بار جناب صدر پر جو حملے ہو رہے ہیں' وہ ایک narrow line ہے اس ایریا کے اندر' وہاں کے لئے کیا اتنی سیکورٹی بھی نہیں ہوسکتی کہ صدر صاحب کا راستہ peaceful ہو اور وہ گزریں۔ میں اس lapse کے بارے میں ضرور چاہتا ہوں کہ اس ہاؤس کی طرف سے یہ چیز پہنچائی جائے کہ اس lapse کو ضرور find out کیا جائے کہ یہ کیوں ہو رہا ہے؟

دوسرا یہ کہ جو لوگ یہ کر رہے ہیں naturally ان کا ایک ہی مقصد ہے اور ان کا ایک ہی objective ہے۔ ملک کی بقا کو بھی انہوں نے داؤ پر لگایا ہوا ہے ۔ ملک کی سلامتی کے بعد ملک کی economic growth, prosperity اور جو democratic stability ہے Agreement sign کرنے کے بعد' جو اپوزیشن اور ایم ایم اے کی جماعتوں کے ساتھ ہم نے کیا ہے' اس کے دوسرے دن ایسے واقعہ کا ہونا اور اس چیز کا اس طرح اظہار ہونا' اس واقعہ کو اس لیول پر پہنچانا کہ انہوں نے صدر پاکستان کی ذات پر پھر ایک حملہ کیا ہے' جب کہ انہوں نے کہا ہے میں قوم کے مفاد میں وردی بھی اتار رہا ہوں' اس وقت اس چیز کا اس طرح ہونا اور اس طرح کا شرمناک واقعہ ہونا ہمارے ملک کی بقا اور سلامتی کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ہم سب مل کر اس چیلنج کو face کریں' اپنی economic stability کو مضبوط کریں ۔ ان لوگوں سے مکمل طور پر نجات حاصل کریں ۔ میں پرائم منسٹر صاحب سے بھی کہوں گا کہ اب there should be no let go, ان لوگوں کا محاسبہ ہونا چاہیئے۔ ان کے خلاف سخت سے سخت اقدام کرنے چاہیئں ۔ There should be no loophole to trace them out and find out to give them the proper punishment. So, this is what I think is needed and it is the need of the hour اگر اب بھی ہم نہیں سنبھل سکیں گے تو بہت مشکل ہے کہ یہ ملک اپنے وجود اور اپنی بقا کو سنبھال سکے۔ بہت شکریہ' مہربانی۔

جناب چیئرمین : بی بی یاسمین شاہ ------

محترمہ بی بی یاسمین شاہ : جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں صدر صاحب

پرتیسری دفعہ جو کل حملہ ہوا ہے اس کی پر زور مذمت کرتی ہوں۔ اس کے بعد میں جناب چیئرمین صاحب! یہ کہوں گی کہ ہم کب تک ہاؤس میں آ کر یا ان ایوانوں میں آ کر مذمت کرتے رہیں گے، افسوس کرتے رہیں گے۔ آخر اس کا کوئی سد باب ہو گا یا نہیں؟ مجھے یہ کہنا ہے کہ اس systemمیں جتنی بھی خرابی ہے اس پر ہمیں غور کرنا ہوگا کہ اس میں کہاں کمزوری ہے، کہاں خرابی ہے جس کی وجہ سے ایسے واقعات رونما ہوتے ہیں۔

چیئرمین صاحب! میں یہ کہوں گی کہ یہ صرف صدر صاحب پر حملہ نہیں تھا کیونکہ میں نے پہلے بھی یہ بات کہی کہ یہ پورے ملک پر حملہ ہے۔ پورے ملک پر حملہ ہوا ہے۔ پورے پاکستان پر حملہ ہوا ہے۔ پاکستان کی عوام پر حملہ ہوا ہے، صرف صدر صاحب پر حملہ نہیں ہوا ہے۔یہ جو کوئی بھی ہیں انشاء اللہ اپنے انجام تک پہنچ جائیں گے اور ہمیں ان لوگوں کو ان کے انجام تک پہنچانا ہے۔

صدر صاحب اکیلے نہیں ہیں۔ صدر صاحب کے پیچھے ہمارے ملک کے عوام ہیں۔ ان کی پشت پر عوام ہیں جو ڈٹے ہوئے ہیں۔ ہمارے قدم ان کے قدم کے ساتھ ہیں۔ ہر مشکل وقت میں ہم ان کے ساتھ ہیں۔ اللہ ان کے ساتھ ہے۔ چیئرمین صاحب! میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ جو بار بار واقعات ہو رہے ہیں یہ کیوں ہو رہے ہیں؟ آخر اس کی کیا وجہ ہے کہ اس طرح کے واقعات ہو رہے ہیں؟ آپ نے دیکھا کہ یہ ایک منٹ یا کچھ سیکنڈز کا فرق تھا کہ ہم بہت بڑے سانحہ سے بچے۔ خدانخواستہ اگر یہ پورے ٹائم پر ہو جاتا تو آپ بتائیں کہ کتنا بڑا ہمارے لئے نقصان ہوتا۔ اس ملک کو صدر صاحب کی سخت ضرورت ہے۔ ملک کے عوام کو صدر صاحب کی سخت ضرورت ہے۔ اللہ کے سائے کے بعد میں چاہتی ہوں اور میری خواہش ہے کہ ہم سب کے اوپر، ہمارے ملک کے اوپر صدر صاحب کا سایہ رہےکیونکہ صدر صاحب جس راستے پر چل رہے ہیں وہ سچائی کا راستہ ہے، وہ اسی پر چل رہے ہیں۔ جو لوگ اس راستے پر چلتے ہیں انہی کے آگے یہ ساری مشکلات آتی ہیں۔ مشکل وقت انہی پر آتے ہیں لیکن win بھی یہی کرتے ہیں۔ کامیابی بھی انہی لوگوں کو ہوتی ہے جو ان مشکل راستوں پر چلتے ہیں۔ میری یہ دعا ہے کہ صدر صاحب کو اللہ میاں اپنے حفظ و امان میں رکھے اور میں پھر اس واقعہ کی پر زور مذمت کرتی ہوں۔ میں یہ التجا کرتی ہوں کہ اس system کو check کیا جائے اور اس سارے نظام کو اچھے طریقے سے دیکھا جائے۔ Thank you.

جناب چیئرمین: جناب کامل علی آغا صاحب۔

جناب کامل علی آغا: جناب چیئرمین! میں بھی اپنے فاضل دوستوں کی طرح کل رونما ہونے والے واقعے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ میرے فاضل دوستوں نے اپنی اپنی آراء پیش کی ہیں اور اپنے اپنے الفاظ میں اس واقعے کی مذمت کی ہے اور سب سے بڑھ کے یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ آج ہمارے روایتی حلیف ساتھی جو اس ایوان میں اپوزیشن کا role ادا کر رہے ہیں، وہ موجود ہیں اور جو آج موجود نہیں اور انہوں نے boycott بھی کیا ہے تو وہ بھی اس موقف پر تھے اور انہوں نے بھی اس واقعہ کی پرزور مذمت کی۔ یہ بات بڑی خوش آئند ہے، یہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی وجہ جنرل پرویز مشرف ، وزیر اعظم ظفراللہ جمالی صاحب ،جناب چوہدری شجاعت حسین ،ایس ایم ظفر صاحب ہیں اور بشمول لیاقت بلوچ اور حافظ حسین احمد، پروفیسر خورشید احمد، قاضی حسین احمد صاحب، ان کی وہ کاوشیں جو انہوں نے گزشتہ کئی دنوں میں کیں اورجنہوں نے مل بیٹھ کر پاکستان کو سیاسی استحکام دینے کے لئے معاملات طے کئے ۔ میں سمجھتا ہوں شاید پاکستان کے دشمنوں کو چونکہ علم ہے کہ پاکستان میں اگر سیاسی استحکام ہو گا تو پاکستان میں امن وامان بھی ٹھیک ہوگا ، پاکستان کی معاشی اور اقتصادی حالت بھی درست ہوگی۔ یہ چیز پاکستان کے دشمنوں کو برداشت نہیں ہو پا رہی۔ میری ذاتی رائے میں 9/11 کے بعد جو طوفان پاکستان کی طرف اٹھا تھا ٹریڈ سنٹر کی تباہی کے بعد اور جس دانشمندی کے ساتھ جناب صدر پرویز مشرف نے اس کو سنبھالا اور اس طوفان کے آگے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کھڑی کردی، میں سمجھتا ہوں کہ آج اس طوفان سے بچانے کے نتیجے میں جو شخصیت ابھری ہے جنرل پرویز مشرف کی صورت میں، وہ پاکستان کے دشمنوں کو برداشت نہیں ہو رہی۔

جناب چیئرمین! 9/11 کے بعد صدر محترم نے بین الاقوامی محاذ پر جس موقف کو دنیا کے سامنے پیش کیا، میں سمجھتا ہوں کہ اس سے تحریک آزادی اور دہشت گردی کا فرق واضح ہوا اور آج دہشت گرد ایک قوم کی صورت میں دنیا کے سامنے موجود ہیں۔ دنیا میں جہاں مسلمان ایک قوم کی صورت میں موجود ہیں، عیسائی ایک قوم کی صورت میں موجود ہیں، یہودی ایک قوم کی صورت میں موجود ہیں، وہاں پر آج دہشت گرد بھی ایک قوم کی صورت میں موجود ہیں۔ میں ان

دوستوں کے ساتھ اتفاق نہیں کرتا جو اس واقعہ کو کسی مسلمان یا کسی اسلامی تحریک کے ذمہ ڈالنا چاہتے ہیں۔ میں نہیں مانتا اس بات کو۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج وہ لوگ جو اپنی قوم کے لحاظ سے دہشت گرد ہیں، وہ پاکستان کی ترقی کے راستے میں رکاوٹ پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

آپ غور کریں، کل صبح جب صدر محترم ایک بین الاقوامی کانفرنس میں تقریر فرما رہے تھے تو وہ بات کر رہے تھے روشن خیال پاکستان کی، وہ بات کر رہے تھے عالم اسلام کو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی تعلیم حاصل کرنے کی اور اس بات سے واضح ہو رہا تھا کہ وہ عالم اسلام کو کس نہج پر لے جانا چاہتے ہیں ۔ پاکستان کو کس طریقے سے بچا کر سائنس اور ٹیکنالوجی کا علم حاصل کرنے کے بعد اس ملک کو کیا وقعت دینا چاہتے ہیں۔ وہ اس ملک کو دنیا میں کس مقام پر پہنچانا چاہتے ہیں۔ وہ دی جذبات سے بات کر رہے تھے ۔ میں بغور جائزہ لے رہا تھا کہ ان کے اندر جو درد ہے ، جو اپنی امت کا درد ہے اور وہ جو اپنی امت کی بات کرتے ہیں، اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ شخص کچھ کرنا چاہتا ہے۔ پھر میں نے اس بات کا بغور جائزہ لیا کہ یہ قطعی طور پر وہ لوگ ہیں جو پاکستان کی ترقی کے راستے میں حائل ہونا چاہتے ہیں۔ وہ تصور جو پاکستان کو عالم اسلام کا قلعہ بنانے کا تصور ہے اس کو برباد کرنا چاہتے ہیں اور یہ کہ صدر محترم پاکستان کو بڑے مشکل راستوں سے باہر نکالنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں نے اس واقعہ کے بعد جب صدر محترم کو ٹیلیویژن پر دیکھا تو ان کی بات سننے کے بعد ان کی ایک مختلف شخصیت سامنے آئی۔ وہ پوری دنیا کے سامنے ایک قابل احترام شخصیت بن کر ابھرے ہیں، انہوں نے جو الفاظ استعمال کئے وہ قابل غور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے ساتھ میرے عوام کی دعائیں ہیں، میری ماں کی دعائیں ہیں۔ انہوں نے تدبر اور حوصلے کا ثبوت دیا اور یہ بات کی کہ ہمیں سوچ کر react کرنا چاہیئے، ہمیں تحمل سے کام لینا چاہیئے، ہمیں کوئی جلدی نہیں اور جلدی میں کسی پر الزام نہیں لگانا چاہیئے۔ ہمیں پورے واقعہ کا جائزہ لے کر react کرنا چاہیئے۔ دو واقعات جو گزشتہ بارہ دن میں صدر محترم پر حملے کی صورت میں ہوئے، دونوں کے بعد ان کا جو reaction تھا وہ اتنا تحمل ، بردباری، حوصلے اور صبر والا تھا کہ اس کے بعد ان کی تدبر والی شخصیت ابھر کر سامنے آئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم ان کو خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

میں ذاتی طور پر اس بات کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں کہ انہوں نے جن جذبات کا اظہار کیا ان میں وہ اپنی بات کم اور لوگوں کی اور مسلم امہ کی بات زیادہ کر رہے تھے اور پھر خاص طور پر جو انہوں نے ان خاندانوں کے ساتھ ہمدردی کی بات کی کہ جو ان کی وجہ سے شہید ہوئے ہیں، جو اس دنیا سے چلے گئے ہیں اور انہوں نے اس سپاہی کا ذکر کیا جو ان کو بچاتے ہوئے شہید ہوا اس کے ساتھ ہمدردی کی، میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ جذبات ہیں جو واقعی پاکستان کی اسلامی مملکت کے سربراہ کے جذبات ہونے چاہیئے تھے ۔ انہوں نے انہی کا اظہار کیا۔ جناب چیئرمین! میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں جناب صدر محترم کو کہ جنہوں نے مملکت اسلامیہ اور پوری امت کے جذبات اپنے دل میں رکھے۔ OIC کانفرنس سے پہلے پوری دنیا کے مسلمان ممالک کو جو انہوں نے خط تحریر کئے وہ ہم دوستوں کے سامنے تقسیم کئے جانے چاہیئں ۔ان میں جو جذبات تھے میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس کا reaction ہے اور پاکستان کو مضبوط ہاتھوں میں دیکھتے ہوئے وہ لوگ react کر رہے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں سیاسی استحکام آ رہا ہے ۔ صدر مملکت نے دو تین دن پہلے MMA کے ساتھ معاہدے کے بعد جو تقریر کی اس کو ان جذبات کی روشنی میں دیکھا جائے تو وہ ان دشمنوں سے برداشت نہیں ہو رہی۔ وہ سمجھ رہے ہیں کہ اس کے بعد پاکستان مضبوط ہاتھوں میں ہو گا اور پاکستان کا صدر ایک مضبوط شخصیت کے طور پر سامنے آئے گا۔ ان دشمنوں سے پاکستان میں معاشی استحکام، سیاسی استحکام، اقتصادی استحکام برداشت نہیں ہو رہا۔ جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنے صدر کے سیکورٹی کے نظام ، وزیراعظم کی سیکورٹی کے نظام ، تمام VIPs کے سیکورٹی کے نظام کا بغور جائزہ لینا چاہیئے اور ہمیں کسی متبادل سسٹم کو create کرنا چاہیئے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: نگہت مرزا صاحبہ، مولانا راحت حسین صاحب، عابدہ سیف صاحبہ۔

مسز عابدہ سیف (ایڈووکیٹ): شکریہ جناب چیئرمین۔

مدعی لاکھ برا چاہے تو کیا ہوتا ہے

وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے

جناب چیئرمین ! صدر مملکت جناب پرویز مشرف اور ان کے عملے پر 25 دسمبر کو

راولپنڈی میں جو خودکش حملہ ہوا' میں اس کی پرزور مذمت کرتی ہوں اور اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ اس نے صدر صاحب کو اپنے حفظ و امان میں رکھا۔ ہم جہاں آج یوم تشکر منا رہے ہیں وہاں ہمارے دل سوگوار ہیں کیونکہ ان حملوں میں 14 افراد ہلاک اور چالیس' پینتالیس کے قریب زخمی ہیں' ہم ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ حملہ اس وقت ہوا جب ملک مکمل جمہوریت کی راہ پر گامزن ہونے والا ہے اور MMA کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہو گئے ہیں اور صدر صاحب vote of confidence لینے والے ہیں اور آئندہ چند دنوں میں SAARC ممالک کی conference متوقع ہے' ان حالات میں صدر پاکستان پر حملہ ملکی مفاد کے منافی ہے۔ میں ایک بار پھر اس دہشت گردی کی پرزور مذمت کرتی ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ پرویز مشرف کو عمر خضر عطا فرمائے۔ آمین۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ PTV کی کارکردگی انتہائی ناقص ہے' 24 دسمبر کو سینیٹ کا اجلاس ہوا اور اس کی coverage 25th December کو دکھائی گئی اس میں مجھے شریں نور کہا گیا ہے۔ لہذا' اس کی تصحیح کی جائے اور نام بھی صحیح بیان کیا جائے۔ آخر میں دہشت گردوں کے لئے کہنا چاہوں گی کہ ۔

آزاد روش' آزاد وطن' آزاد فضائیں رہنے دو
تم نفرت کی چنگاری سے پھونکتے ہو اس گلشن کو

شکریہ۔

Mr. Chairman: Mr. Mushahid Hussain.

جناب مشاہد حسین سید: جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا اور میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں جتنے بھی مہذب اور محب وطن لوگ ہیں سب ایک آواز ہوکر اس دہشت گردی کے واقعے کی شدید مذمت کریں گے کیونکہ دہشت کا عنصر' تشدد کا عنصر کسی ملک میں بھی آتا ہے تو وہ عدم استحکام کی بنیاد بن جاتا ہے۔ مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے اور ہمارے فاضل دوستوں نے بھی ذکر کیا ہے کہ ہمارے ہاں کوئی actual نظام نہیں بن سکا ہے۔ دہشت گردی جیسا مسئلہ جو ہمارے ہاں پچھلے

کئی سالوں سے چل رہا ہے بلکہ میرے خیال کے مطابق موجودہ شکل میں دہشت گردی مارچ 1997 سے شروع ہوئی تھی جب لاہور میں علامہ احسان الٰہی ظہیر کو 23 مارچ 1997 کو بم سے اڑا دیا گیا۔ پھر آپ نے دیکھا کہ ایک واقعہ علامہ حسینی صاحب کے ساتھ پشاور میں ہوا۔ اور سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ جنرل مشرف صاحب کے پیش رو جنرل محمد ضیاء الحق فوجی سربراہ بھی تھے فوجی وردی میں، فوجی جہاز میں، فوجی سیکورٹی کے تحت، فوجی function میں ایک فوجی cantonment میں اپنے فوجی رفقاء کے ساتھ اور ان کا جہاز بھی اڑا دیا گیا اور ابھی تک کوئی سراغ نہیں لگ سکا کہ پندرہ سال پہلے وہ واقعہ کیسے پیش آیا اور اس کے پیچھے کونسے عناصر تھے؟ تو میرے خیال میں یہ ہمارے نظام کے اندر بڑی اہم کوتاہی ہے اور باقی دوستوں نے ذکر بھی کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ صورت حال میں ہماری security forces القاعدہ کے لوگوں کو پکڑنے میں بڑی efficient ہیں۔ پانچ سو عرب پکڑ کر بھجوا دیئے، کسی کو گوانتانامو بے بھجوا دیا، کسی کو بگرام، افغانستان پہنچا دیا لیکن ہمارے اندر جو دہشت گردی ہے، جو افغان جہاد کے بعد پلی پوسی ہے، اس کو روکنے میں ہم ناکام رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکمت عملی کے تین اہم جزو ہونے چاہئیں اگر ہم نے اس معاملے پر کامیابی سے قابو پانا ہے۔ کل بڑا serious واقعہ ہوا ہے جناب چیئرمین! یہ واقعہ راجہ بازار یا E/7 یا جناح سپر مارکیٹ میں نہیں ہوا ۔ یہ وہ علاقہ ہے جو صدر مملکت کے گھر کے قریب ہے ، جو فوج کا گڑھ ہے اور جو ان کی طاقت کا سرچشمہ سمجھا جاتا ہے ۔وہاں اسی جگہ ایک واقعہ دو دفعہ ہونا دس دنوں میں اور جیسا کہ پنجابی میں کہتے ہیں،" چڑی نئیں پھڑکی"، تو میرے خیال میں یہ بڑی serious بات ہے ۔ تین elements میں suggest کروں گا ۔ ایک تو بنیادی بات ہے، جیسے وسیم سجاد صاحب نے بھی کہا، کامل علی آغا صاحب نے ، عباس صاحب نے بھی اور مہیم خان بلوچ صاحب ، ڈاکٹر خالد رانجھا اور خواتین نے بھی سب نے کہا اور دلاور عباس صاحب نے بھی کہ ہمارا اس وقت جو موجودہ نام نہاد نظام ہے سیکورٹی کا ، میں تو نام نہاد ہی کہوں گا کہ وہ adhocism کی بنیاد پر ہے that has to be revised, reviewed and revet اور اس میں یہ جو سلسلہ ہے کہ کوئی کام پولیس والے کر رہے ہیں ، کوئی intelligence والے کر رہے ہیں، کوئی فوج والے کر رہے ہیں وہ بالکل ناقص ہے اور ناقص اور نااہل ثابت ہو چکا ہے ۔ جیسا کہ یہ واقعات نے ثابت کیا۔

دوسری اہم بات ہے دہشت گردی ۔ ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ اس وقت قومی سلامتی اور ملکی استحکام کے لئے جو واحد اور سب سے اہم خطرہ ہے وہ اندرونی ہے اور اندرونی خطرہ انتہا پسندی اور دہشت گردی سے ہے ۔ اگر ہم نے اس پر قابو پانا ہے تو ہمیں چاہیے کہ جتنی بھی سیاسی قوتیں ہیں۔۔۔۔' اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ آج ہمارے دوست متحدہ مجلس عمل کے پروفیسر خورشید صاحب' ابراہیم بلوچ صاحب اور بہت سارے آئے ہیں' انہوں نے اپنا rolé play کیا ہے۔ یہ معاملہ کسی ایک فرد' ایک ادارے ' ایک سیاسی جماعت یا even ایک حکومت کا نہیں ہے بلکہ میں کہوں گا کہ اس سے بالا تر ہے۔ یہ قومی مسئلہ ہے اور قومی اتفاق رائے کی ضرورت ہے اور قومی اتفاق رائے اس معاملے پر اسی بنیاد پر ہوسکتا ہے اگر ہم سب کو ساتھ لے کر چلیں ۔اس میں قومی اتفاق رائے آئے' national concensus ہو اور مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ پروفیسر صاحب نے بڑی اچھی speech کی' دوسرے لوگوں نے بھی کیں ۔ اسماعیل بلیدی صاحب نے بڑی اچھی باتیں کیں ۔ ان باتوں کو ہمیں آگے بڑھانا چاہیے ۔

تیسری بات میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کوئی ایک انوکھا ملک نہیں جہاں یہ مسئلہ پیدا ہوا۔ شاہ صاحب نے ذکر کیا جرمنی کا ۔ جرمنی میں آپ کو معلوم ہے کہ تیس سال پہلے کیا تھا ۔ Red Army, اٹلی میں Red Brigades بھی تھے ۔ مہذب ممالک ،مغربی ممالک ،جمہوری ممالک کو یہ خطرات پیش آئے ہیں اور انہوں نے قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اس مسئلے کو حل کیا ہے اور اچھے نظام کے تحت ۔ ہمیں ماننا چاہیے کہ ہمارے ہاں جو لوگ power میں ہیں یا ہماری establishment میں ہیں' ان کے پاس وہ نظام نہیں ہے ۔" ڈنگ ٹپاؤ" نظام ہے ' adhocism کا نظام ہے' reactive نظام ہے جیسا کہ خالد رانجھا صاحب نے کہا ہے ۔That system has to be established. آپ نے دیکھا جناب چیئرمین ! کہ 9/11 کے بعد امریکہ میں جب دہشت گردی ہوئی' انہوں نے دیکھا کہ نہ CIA, نہ FBI ' نہ Department of Justice دہشت گردی کو قابو کرسکتے ہیں یا کنٹرول کرسکتے ہیں ۔ انہوں نے کیا کیا ؟ انہوں نے ایک نیا ادارہ بنایا Department of Homeland Security. ہم بھی اب دیکھیں کہ جناب ! ایک ایسا مرکزی ادارہ ہو اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ سینیٹر مہیم خان بلوچ صاحب جو بڑے اچھے خیالات رکھتے ہیں انہوں نے proposal بھی دی task force کی۔ میرا خیال ہے آپ نے میرا کالم نہیں پڑھا

تھا جو 23دسمبر کو چھپا تھا نوائے وقت اور Nation میں ۔ میں نے بھی اس میں یہی تجاویز دی ہیں۔ Anti-terrorism task force بنائی جائے جس کا صرف ایک one point agenda ہو کہ ملک کے اندر دہشت گردی کو کیسے روکنا ہے اور ایسے واقعات کو نہ ہونے دے ۔ یہ تو طریقہ ہی غلط ہے ۔ پچھلے دنوں میں لندن گیا ہوا تھا تو وہاں ایک جگہ ہے Charchil Intercontinental جو Marble Arch کے ساتھ ہے' Oxford Street کے ساتھ ہے جہاں ہمارے امیر لوگ گرمیوں میں shopping کرنے جاتے ہیں ' کافی لوگ ادھر چائے کے لئے آتے رہتے ہیں' میں ایک Arab Journalist کے ساتھ گیا ۔ تو میں نے پوچھا کہ یہاں کیا ہو رہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ جرنل شیرون آیا ہوا ہے اسرائیل کا وزیراعظم اور اس نے پریس کانفرنس کرنی ہے ۔میں کانفرنس کے لئے گیا تھا' shopping کے لئے اور لوگ جاتے ہیں ۔میں نے دیکھا جناب چیئرمین! ایک آدمی بھی بندوق والا نہیں تھا حالانکہ جرنل شیرون کے پیچھے دہشت گرد بھی لگے ہوئے ہیں وہ خود بھی دہشت گرد ہیں اور انہوں نے لوگوں کو بیروت میں بڑا مارا ہے ۔موساد کے لوگ تھے' وہ کالی عینکیں پہنے ہوئے کان میں کوئی چیز لگائے ہوئے تھے لوگ پریس کانفرنس میں جا رہے تھے اور ہماری شکلیں بھی ان کو ایسی لگتی ہیں کہ شاید کوئی دہشت گرد قسم کے لوگ ہوں کیونکہ وہ ہر مسلمان کو دہشت گرد سمجھ رہے ہیں آج کل۔ ہمیں کسی نے نہیں روکا ' کوئی پستول والا نہیں تھا۔ سیکورٹی وہ ہوتی ہے جو invisible ہوتی ہے' جو quite ہوتی ہے' جو pre-empt کرتی ہے جو prevent کرتی ہے ۔ ہماری طرح نہیں کہ ہم نے بندے رکھے ہوئے ہیں' line route کرتے جاتے ہیں جیسا کہ وسیم سجاد صاحب نے کہا اور تین گھنٹے پہلے پولیس کھڑی ہو جاتی ہے اور وہ ہر دس منٹ کے بعد وائرلس پر کہتے ہیں کہ ابھی قافلہ نہیں چلا جی ' ابھی قافلہ چلنے والا ہے ۔ سب کو معلوم ہوتا ہے کہ کوئی so called VIP آ رہا ہے اور جس نے بھی تیاری کرنی ہوتی ہے وہ تیاری کر لیتا ہے تو میرے خیال میں اس سلسلے میں یہ جو debate ہو رہی ہے' اس کی ایک report میں suggest کروں گا کہ تیار کی جائے ۔ میں اس رپورٹ کو draft کرنے کے لئے حاضر ہوں ' خالد رانجھا صاحب ہیں ' کامل علی آغا صاحب ہیں اور وکیل بھی ہیں' who can help ہم government کو تجاویز دیں ۔یہ معاملہ ایسے نہیں ہوگا۔ میں نے اپنے آرٹیکل میں لکھا تھا کہ کیا آپ کسی نئے ایکشن کی تیاری کر رہے ہیں کہ دہشت گردی کا کوئی نیا واقعہ ہو۔ ابھی

میں report دیکھ رہا تھا Lunch break میں، میں ڈاکٹر شیریں مزاری کے پاس گیا Institute of Strategic Studies میں۔ انہوں نے یہ report دی Terrorist Outlook for 2004. ان کے ایک expert ہیں اور انہوں نے لکھا ہے۔ یہ report Singapore سے دو ہفتے پہلے آئی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے ۔ With your permission Mr. Chairman, I will read it. The bulk of the terrorist attacks will be conducted in Muslim countries against high profile symbolic and strategic targets of United States, its allies and friends. نہیں، میرا مطلب ہے یہ باتیں واضح ہیں۔ They are apparent and I think we should take remedial measures, otherwise we will have a repetition of these incidents. Our state apparatus is, unfortunately, ill equipped and ill trained for the task of combating, containing and crushing terrorism.

In the question of security Mr. Chairman, I would also like to bring out another issue. Security of the President has to be paramount and I think, the President has acted with a lot of calm, courage and composed under pressure. I think that is what courage is all about under difficult circumstances. But I will also like to bring it to your notice, an issue of security which is also being very very important. The issue of our Nuclear programme and those scientists, experts, who have played a major role in promoting and protecting Pakistan's national security by building an indigenous nuclear programme, they should not be subjected to any media trial or trial by allegations just because there are international circumstances. This is a dangerous thing. This will not be acceptable to the people of Pakistan. These scientists are our national heroes. They should not be hounded and harassed. They should not be

made individual escape goats. If there is any investigation to be carried out, it should be carried out internally. I would also say that there are double standards on this issue. Who helped Saddam Hussain's weapons of mass destruction? And Professor Khurshid Sahib, you are a prominent intellectual, you know that French, German, British, Americans, they helped Saddam Hussain to become monster that he became finally and they had to destroy him eventually. So the question is, Israel has helped the Indian nuclear programme. Israel has helped South Africa's nuclear programme. Israel stole secrets from the Americans in 1967. This is all documented. So let us not have double standards, let us not be defensive on this issue. These are issues of vital national security, whether it is a security of the President of Pakistan, whether it is a security of the nuclear programme and whether it is the security and the protection of our nuclear scientists. Because if we can't protect our own nuclear scientists, who have done so much for this country, to make sure that this country is a different muslim country and see what has happened to Iraq, Iran, Libya and syria, then I think, we will be letting down our own people.

So Mr. Chairman, through you, I would like to convey the sentiments of the people of Pakistan on this issue that are very serious, as they are on the attempt on the life of President of Pakistan and I just hope and pray that for the future our government will be able to establish a system that really work in ensuring protection of the President and his life as well as protection of all our vital national assets. Thank you.

Mr. Chairman: The provinces have special anti-terrorist squad. I think it is a question of giving them more resources, training, equipment. Point is well taken Mr. Zafar Iqbal Chaudhry, Mr. Wali Muhammad Badini.

میر ولی محمد بادینی: شکریہ۔ جناب چیئرمین! کل جو واقعہ ہوا تھا اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں اور اس پر کافی باتیں ہو گئی ہیں۔ ان کو مزید دہرانا اچھا نہیں ہے۔ صدر مملکت نے بلوچستان کے لیے جو کچھ کیا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کی شاید بدقسمتی ہے کہ اس پر بار بار حملہ ہو رہا ہے۔ یہ حملے اب نہیں ہو رہے بلکہ کافی عرصے سے شروع ہیں۔ کوئٹہ میں آئے دن ہو رہے ہیں۔ آج تک کوئی صحیح آدمی گرفتار نہیں ہوا۔ اس لیے یہ بڑھتے گئے، بڑھتے گئے آخر انجام کار، پہنچ گئے صدر تک۔ اس میں بھائی سکیورٹی کے بارے میں کہہ رہے ہیں۔ ایک تو بیروزگاری بھی اس میں involve ہے کہ ہمارے اپنے ملک کے بیروزگار اور غریب عوام معمولی پیسوں کے لیے اپنی جان دینے کے لیے تیار ہیں۔ اس پر بھی سوچا جائے۔ دوسری بات ہے سیکورٹی کی۔ ہمارے منسٹر صاحب یہاں بیٹھنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ کوئی ہمیں سننے کے لئے تیار نہیں ہے اور مختصراً جوابات دے رہے ہیں۔ تقاریر ہو رہی ہیں، اگر وہ موجود ہوتے تو زیادہ بہتر ہوتا۔ صدر کو اللہ تعالیٰ نے بچایا ہے۔ شاید اس کی خوش قسمتی ہے۔ آئندہ کے لئے ہم یہی کہتے ہیں کہ اس کی security کا بندوبست سخت کیا جائے۔ سارے ساتھیوں نے اس پر تجاویز دی ہیں۔ اس کی security کا system بھی صحیح نہیں ہے۔ سارے پاکستان میں security system کو سخت کیا جائے اور لاگو کیا جائے۔ ہر تیسرے دن ایک نہیں ۲، ۲ دھماکے ہو رہے ہیں۔ ۵ دن کے وقفے سے دھماکے ہو رہے ہیں اور لوگ مر رہے ہیں۔ آج تک کوئی صحیح آدمی نہ پکڑا گیا۔ اگر پکڑتے ہیں تو بے گناہ پکڑتے ہیں۔ کچھ دنوں کے لئے جیلوں میں ڈالتے ہیں اور خوار کرکے چھوڑ دیتے ہیں۔ لہذا، مہربانی کرکے سارے پاکستان اور خاص طور پر صدر مملکت کے لئے سخت حفاظتی اقدامات کئے جائیں کیونکہ اس کی پالیسیوں کو اور اس کے کاموں کو کچھ لوگ پسند نہیں کرتے۔ پاکستان کے لئے اس نے بہت کچھ کیا ہے اور کر رہے ہیں۔ لہذا اس کے لئے کوئی

مناسب بندوبست ہو۔

نمبر۲، ہم بھی request کرتے ہیں کہ صدر صاحب کسی ایک جگہ رہائش رکھیں۔ اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ صدر ہاؤس میں رہیں۔ بار بار آنا اور جانا پڑتا ہے۔ وزیر صاحب نے کہا کہ اس process سے وہ خود گزر رہے ہیں اور ان کے لئے بھی سارے بندوبست کئے گئے ہیں۔ اس لئے اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں۔ آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔

جناب چیئرمین: پروفیسر محمد ابراہیم۔

پروفیسر محمد ابراہیم خان: شکریہ جناب چیئرمین صاحب! (عربی)۔

سب سے پہلے تو میں حکومتی benches کے ارکین کی طرف سے متحدہ مجلس عمل کے ارکان سینیٹ کو خوش آمدید کہنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں اور متحدہ مجلس عمل اور حکومت کے درمیان جو معاہدہ طے پا چکا ہے اس پر ان سب لوگوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جس میں انہوں نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ میں اس بات کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ مذاکراتی ٹیم کے حکومتی ارکان نے بھی اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس بات کو تسلیم کیا اور قبول کیا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں کوئی بھی ترمیم پارلیمنٹ کے ذریعے سے ہی ہوسکتی ہے۔LFO کو بھی پارلیمنٹ میں آئینی ترمیم کے ذریعے سے ہی آئین کا حصہ بنا دیا جائے گا۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ ہم سب کو اخلاص کی توفیق عنایت فرمائیں کہ ہم ملک اور قوم کی خاطر اس معاہدے کو منطقی انجام تک پہنچائیں اور ملک میں استحکام ہو اور جمہوریت کی گاڑی ایک بار پھر پٹڑی پر چل سکے۔

جناب چیئرمین! کل راولپنڈی چھاؤنی میں ہونے والے واقعہ کی میں پرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ یہ کھلی دہشت گردی کا ایک واقعہ تھا۔ جناب جنرل پرویز مشرف صاحب ہمارے لئے بہت ہی محترم ہیں۔ اس وقت انتہائی ذمہ دار منصب پر ہیں۔ پاکستان کے شہری کی حیثیت سے ہمارے لئے محترم بھی ہیں۔ اس وقت جو تجاویز سامنے آئی ہیں ان سب کی میں تائید کرتا ہوں اور اگر ہم پاکستان کے ہر شہری کو VVIP کی حیثیت دیں گے اور ہر شہری کے تحفظ کا اہتمام کریں گے تو VVIPs بھی محفوظ رہیں گے

لیکن اگر پورے ملک میں حفاظت کا کوئی انتظام نہ ہو تو پھر شاید VVIPs بھی محفوظ نہ ہوں' اس لئے جو تجاویز دی گئی ہیں' یہاں پر جرمنی کی مثال پیش کی گئی' انگلینڈ کی مثال دی گئی' کہ کوئی پولیس دکھائی نہیں دیتی لیکن اس کے باوجود security کا مکمل انتظام ہوتا ہے۔ اور ہمارے ہاں پہلے سے roads block کر دیئے جاتے ہیں اور ٹریفک جام ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود اس طرح کے واقعات وقوع پزیر ہوجاتے ہیں۔ اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ جس طرح تجاویز دی گئیں کہ ہم بھی اپنے security کے نظام کو redesign کریں اور اس میں اس طریقے سے تبدیلی لائیں کہ صرف چند افراد کی security پر پوری قوم اور پوری انتظامیہ کو نہ لگایا جائے بلکہ ہر کوئی اپنی جگہ اپنی ڈیوٹی پر موجود ہو اور ہر کسی کو تحفظ اور سلامتی فراہم ہو۔ اس طریقے سے اس کام کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! چند روز پیشتر محترم کمیلی صاحب نے جناب علامہ ساجد نقوی صاحب کا تذکرہ کیا تھا۔ میں ان کی اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ ان کو جس الزام میں گرفتار کیا گیا ہے اس میں کوئی صداقت نہیں اور وہ واقعہ' مولانا اعظم طارق صاحب کے قتل کا واقعہ بھی دہشت گردی کا ہی ایک واقعہ ہے اور علامہ ساجد نقوی صاحب کی گرفتاری سے شاید اصل مجرموں پر پردہ پڑ جائے۔ اس لئے میں بھی کمیلی صاحب کی بات سے اتفاق کرتے ہوئے یہی مطالبہ کروں گا کہ اس واقع کی بھی ٹھیک طریقے سے تفتیش ہو اور اصل مجرموں کی نشاندہی کرنے کی ضرورت ہے۔ اس بحث میں تحفظ اور security کی جو باتیں ہوئی ہیں ان کے دو پہلو ہیں۔ ایک تو یہ کہ جو لوگ ملوث ہیں ان کی نشاندہی ہو اور ان کو قرار واقعی سزا ملے اور دوسرا پہلو یہ ہے کہ مستقبل میں اس طرح کے واقعات کو روکنے کے لئے اور ان کی پیش بینی اور پیش بندی کے لئے انتظامات ہوں۔ ان دونوں پہلوؤں پر سوچنے کی ضرورت ہے اور ان دونوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس ایوان کی طرف سے جو تجاویز دی جارہی ہیں وہ اسی سلسلے میں ہیں کہ ان پر عملدرآمد ہوگا۔ میرے کچھ دوستوں نے اس وقت دہشت گردی کے خلاف عالمی سطح پر چھڑی ہوئی جنگ کا تذکرہ کیا ہے۔ میں ریکارڈ کو درست رکھنے کے لئے اور درست کرنے کے لئے چند باتیں ضروری سمجھتا ہوں۔ گیارہ ستمبر 2001 کے واقعات میں مسلمانوں کو ملوث کیا جانا

بالکل غلط ہے اور یہ بات اس وقت امریکہ کی کئی websites پر موجود ہے' لانگ چنگسکی کی طرف سے کتابیں لکھی جارہی ہیں What uncle Sam really wants ان کی طرف سے کتاب The Culture of Terrorism ہیں William Blum ہمیں بتاتے ہیں کہ امریکہ کس طرح ملوث ہے اور اس سلسلے میں امریکہ کی website پر یہ ثبوت پیش کئے جارہے ہیں کہ گیارہ ستمبر کے واقعات میں مسلمان ملوث نہیں' اس میں یہودی ملوث ہیں اور یہودی سپاہی rank. اسرائیلی سپاہی rank کے لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے اور گرفتار کرنے کے بعد پھر چھوڑ دیا گیا ہے اور ان کو اسرائیل بھیج دیا گیا ہے۔ وہاں FOX پر اس طرح کی رپورٹس آئی ہیں کہ ایک بار آنے کے بعد ان کو غائب کر دیا گیا ہے اور امریکی ذمہ دار حکمرانوں سے جب اس کے بارے میں پوچھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ یہ classified ہیں اور ان پر کوئی بات نہیں ہوسکتی 'اس کو نہیں چھیڑا جا سکتا۔ وہاں پر یہودیوں کے خلاف کسی تفتیش کی اجازت نہیں دی جارہی اور آج امریکی یہ بات کہہ رہے ہیں کہ 9/11 کے واقعات میں President Bush himself is an accomplice اور ہمارے کچھ دوست اس کے باوجود امریکہ کے چہرے کی سیاہی ہمارے منہ پر ملنے کی کوشش کرتے ہیں جو نہایت ہی افسوسناک ہے۔ دہشت گرد' جیسا میرے دوستوں نے کہا کہ ان کا کوئی مذہب نہیں' ان کا کوئی قوم قبیلہ نہیں' یہ ایک الگ تھلگ مخلوق ہے اور وہ جس صورت میں بھی ہوں' ہم ان کی مذمت کرتے ہیں ۔اپنے ملک کے اندر ہمیں امن عزیز ہے' اپنے ملک کی سلامتی ہمیں عزیز ہے۔ ہمیں اختلاف ہو سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! ہمیں آپ سے بھی اختلاف ہو سکتا ہے ۔ ہمیں وزیر اعظم جمالی صاحب سے اختلاف ہو سکتا ہے اور جناب پرویز مشرف صاحب سے بھی اختلاف ہو سکتا ہے لیکن اختلاف کو اختلاف کے درجے میں رکھیں گے اور جو کوئی اختلاف کو گولی کی زبان میں استعمال کرنا چاہتا ہے تو وہ دہشت گرد ہے۔ اس کے ساتھ جس کا تعلق ہے وہ بھی دہشت گرد ہے۔

